# اللّهُ لا إِلَـهَ إِلاَّ هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّومُ

اللہ کہ نہیں ہے کوئی معبود سوائے اس کے، زندہ جاوید ہے، پوری کائنات کو قائم رکھنے والا ہے۔

# آلَ عِمْرَانَ

## بِسْمِ اللّهِ الرَّحْمَنِ الرَّحِيمِ

**الم (١)**

الف ۔ لام ۔ میم ۔

**اللّهُ لا إِلَـهَ إِلاَّ هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّومُ (٢)**

اللہ! اس کے سوا بندگی نہیں، جیتا ہے سب کا تھامنے والا۔

**نَزَّلَ عَلَيْكَ الْكِتَابَ بِالْحَقِّ مُصَدِّقاً لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ وَأَنزَلَ التَّوْرَاةَ وَالإِنجِيلَ (٣)**

اتاری تجھ پر کتاب تحقیق، ثابت کرتی اگلی کتابوں کو اور اتاری تھی توریت اور انجیل۔

**مِن قَبْلُ هُدًى لِّلنَّاسِ وَأَنزَلَ الْفُرْقَانَ**

اس سے پہلے لوگوں کی ہدایت کو، اور اتارا انصاف۔

**إِنَّ الَّذِينَ كَفَرُواْ بِآيَاتِ اللّهِ لَهُمْ عَذَابٌ شَدِيدٌ**

جو لوگ منکر ہیں اللہ کی آیتوں سے اُن کو سخت عذاب ہے۔

**وَاللّهُ عَزِيزٌ ذُو انتِقَامٍ (٤)**

اور اللہ زبردست ہے بدلہ لینے والا۔

**إِنَّ اللّهَ لاَ يَخْفَى عَلَيْهِ شَيْءٌ فِي الأَرْضِ وَلاَ فِي السَّمَاء (٥)**

اللہ اس پر چھپی نہیں کوئی چیز زمین میں اور آسمان میں۔

**هُوَ الَّذِي يُصَوِّرُكُمْ فِي الأَرْحَامِ كَيْفَ يَشَاء**

وہی تمہارا نقشہ بناتا ہے ماں کے پیٹ میں، جس طرح چاہے۔

لاَ إِلَـهَ إِلاَّ هُوَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ (٦)

کسی کی بندگی نہیں اس کے سوا، زبردست ہے حکمت والا۔

هُوَ الَّذِيَ أَنزَلَ عَلَيْكَ الْكِتَابَ مِنْهُ آيَاتٌ مُّحْكَمَاتٌ

وہی ہے جس نے اتاری تجھ پر کتاب، اس میں بعضی آیتیں پکی (محکمات) ہیں،

هُنَّ أُمُّ الْكِتَابِ وَأُخَرُ مُتَشَابِهَاتٌ

سو جڑ (بنیاد) ہیں کتاب کی، اور دوسری ہیں کئی طرف ملتی (متشابہات)،

فَأَمَّا الَّذِينَ في قُلُوبِهِمْ زَيْغٌ فَيَتَّبِعُونَ مَا تَشَابَهَ

سو جنکے دل پھرے ہوئے ہیں، وہ لگتے (پیچھے پڑے) ہیں انکی ڈھب والیوں سے (تشابہ کے)،

مِنْهُ ابْتِغَاء الْفِتْنَةِ وَابْتِغَاء تَأْوِيلِهِ

تلاش کرتے ہیں گمراہی، اور تلاش کرتے ہیں انکی کل بیٹھانی (حقیقت و ماہیت)،

وَمَا يَعْلَمُ تَأْوِيلَهُ إِلاَّ اللّهُ

اور ان کی کل (حقیقت و ماہیت) کوئی نہیں جانتا سوا اللہ کے،

وَالرَّاسِخُونَ فِي الْعِلْمِ يَقُولُونَ آمَنَّا بِهِ كُلٌّ مِّنْ عِندِ رَبِّنَا

اور جو مضبوط علم والے ہیں، سو کہتے ہیں، ہم اس پر یقین لائے، سب کچھ ہمارے رب کی طرف سے ہے۔

وَمَا يَذَّكَّرُ إِلاَّ أُوْلُواْ الألْبَابِ (٧)

اور سمجھائے وہی، سمجھتے ہیں جن کو عقل ہے۔

رَبَّنَا لاَ تُزِغْ قُلُوبَنَا بَعْدَ إِذْ هَدَيْتَنَا وَهَبْ لَنَا مِن لَّدُنكَ رَحْمَةً

اے رب ہمارے دل نہ پھیر، جب ہم کو ہدایت دے چکا، اور دے ہم کو اپنے ہاں سے مہربانی،

إِنَّكَ أَنتَ الْوَهَّابُ (٨)

تو ہی ہے سب دینے والا۔

رَبَّنَا إِنَّكَ جَامِعُ النَّاسِ لِيَوْمٍ لاَّ رَيْبَ فِيهِ

اے رب! تو جمع کرنے والا ہے لوگوں کو ایک دن، جس میں شبہ نہیں۔

إِنَّ اللّهَ لاَ يُخْلِفُ الْمِيعَادَ (٩)

بیشک اللہ خلاف نہیں کرتا وعدہ ۔

إِنَّ الَّذِينَ كَفَرُواْ لَن تُغْنِيَ عَنْهُمْ أَمْوَالُهُمْ وَلاَ أَوْلاَدُهُم مِّنَ اللّهِ شَيْئًا

جو لوگ منکر ہیں، ہرگز کام نہ آئیں گے انکو انکے مال اور نہ اولاد، اللہ کے آگے کچھ ۔

وَأُولَـئِكَ هُمْ وَقُودُ النَّارِ (١٠)

وہی ہیں چھپیاں (ایدھن) دوزخ کی ۔

كَدَأْبِ آلِ فِرْعَوْنَ وَالَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ

جیسے دستور فرعون والوں کا، اور جو ان سے پہلے تھے،

كَذَّبُواْ بِآيَاتِنَا فَأَخَذَهُمُ اللّهُ بِذُنُوبِهِمْ

جھٹلاتے ہماری آیتیں، پھر پکڑا انکو اللہ نے انکے گناہوں پر،

وَاللّهُ شَدِيدُ الْعِقَابِ(١١)

اور اللہ کی مار سخت ہے ۔

قُل لِّلَّذِينَ كَفَرُواْ سَتُغْلَبُونَ وَتُحْشَرُونَ إِلَى جَهَنَّمَ وَبِئْسَ الْمِهَادُ (١٢)

کہہ دے منکروں کو کہ اب تم مغلوب ہوگے اور ہانکے جاؤگے دوزخ کو ۔ اور کیا بُری تیاری ہے ۔

قَدْ كَانَ لَكُمْ آيَةٌ فِي فِئَتَيْنِ الْتَقَتَا

ابھی ہو چکا ہے تم کو ایک نمونہ (نشانی)، دو فوجوں میں جو بھڑی (نبرد آزما) تھیں ۔

فِئَةٌ تُقَاتِلُ فِي سَبِيلِ اللّهِ وَأُخْرَى كَافِرَةٌ يَرَوْنَهُم مِّثْلَيْهِمْ رَأْيَ الْعَيْنِ

ایک فوج ہے کہ لڑتی ہے اللہ کی راہ میں، اور دوسری منکر ہے، یہ انکو دیکھتے ہیں اپنے دو برابر (دوگنا)، صریح (کھلی) آنکھوں سے،

وَاللّهُ يُؤَيِّدُ بِنَصْرِهِ مَن يَشَاء

اور اللہ زور دیتا ہے اپنی مدد کا جسکو چاہے ۔

إِنَّ فِي ذَلِكَ لَعِبْرَةً لَّأُوْلِي الأَبْصَارِ(١٣)

اسی میں خبردار ہو جائیں جنکو (دور اندیشی کی) آنکھ ہے ۔

زُيِّنَ لِلنَّاسِ حُبُّ الشَّهَوَاتِ مِنَ النِّسَاء وَالْبَنِينَ

رجھایا ہے لوگوں کو مزوں کی محبت پر، عورتیں، اور بیٹے،

وَالْقَنَاطِيرِ الْمُقَنطَرَةِ مِنَ الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ

اور ڈھیر جوڑے ہوئے سونے کے، اور روپے کے،

وَالْخَيْلِ الْمُسَوَّمَةِ وَالأَنْعَامِ وَالْحَرْثِ

اور گھوڑے پلے ہوئے، اور مویشی اور کھیتی۔

ذَلِكَ مَتَاعُ الْحَيَاةِ الدُّنْيَا

یہ برتنا ہے دنیا کی زندگی میں،

وَاللّهُ عِندَهُ حُسْنُ الْمَآبِ(١٤)

اور اللہ جو ہے اس پاس ہے اچھا ٹھکانا۔

قُلْ أَؤُنَبِّئُكُم بِخَيْرٍ مِّن ذَلِكُمْ

تو کہہ، میں بتاؤں تم کو اس سے بہتر؟

لِلَّذِينَ اتَّقَوْا عِندَ رَبِّهِمْ جَنَّاتٌ تَجْرِي مِن تَحْتِهَا الأَنْهَارُ خَالِدِينَ فِيهَا

پرہیزگاروں کو اپنے رب کے ہاں باغ ہیں جنکے نیچے بہتی ندیاں، رہ پڑے انہی میں،

وَأَزْوَاجٌ مُّطَهَّرَةٌ وَرِضْوَانٌ مِّنَ اللّهِ

اور عورتیں ہیں ستھری، اور رضامندی اللہ کی۔

وَاللّهُ بَصِيرٌ بِالْعِبَادِ(١٥)

اور اللہ کی نگاہ میں ہیں بندے۔

الَّذِينَ يَقُولُونَ رَبَّنَا إِنَّنَا آمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوبَنَا وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ (١٦)

وہ جو کہتے ہیں، اے رب ہمارے! ہم یقین لائے ہیں، سو بخش ہم کو گناہ ہمارے اور بچا ہم کو دوزخ کے عذاب سے۔

الصَّابِرِينَ وَالصَّادِقِينَ وَالْقَانِتِينَ وَالْمُنفِقِينَ وَالْمُسْتَغْفِرِينَ بِالأَسْحَارِ (١٧)

وہ محنت اٹھانے والے اور سچے۔ اور بندگی میں لگے رہتے اور خرچ کرتے اور گناہ بخشواتے، پچھلی رات کو (آخری پہر)۔

شَهِدَ اللّهُ أَنَّهُ لاَ إِلَـهَ إِلاَّ هُوَ وَالْمَلاَئِكَةُ وَأُوْلُواْ الْعِلْمِ قَآئِمَاً بِالْقِسْطِ

اللہ نے گواہی دی کہ کسی کی بندگی نہیں اسکے سوا، اور فرشتوں نے اور علم والوں نے، وہی حاکم انصاف کا۔

لاَ إِلَـهَ إِلاَّ هُوَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ (١٨)

کسی کو بندگی نہیں سوا اسکے، زبردست ہے، حکمت والا۔

إِنَّ الدِّينَ عِندَ اللّهِ الإِسْلاَمُ

دین جو ہے اللہ کے ہاں، سو یہی مسلمانی حکم برداری (اسلام)۔

وَمَا اخْتَلَفَ الَّذِينَ أُوْتُواْ الْكِتَابَ إِلاَّ مِن بَعْدِ مَا جَاءهُمُ الْعِلْمُ بَغْيًا بَيْنَهُمْ

اور مخالف نہیں ہوئے کتاب والے، مگر جب اُنکو معلوم ہو چکا آپس کی ضد سے۔

وَمَن يَكْفُرْ بِآيَاتِ اللّهِ فَإِنَّ اللّهِ سَرِيعُ الْحِسَابِ (١٩)

اور جو کوئی منکر ہو اللہ کے حکموں سے تو اللہ شتاب (جلدی) لینے والا ہے حساب۔

فَإنْ حَآجُّوكَ فَقُلْ أَسْلَمْتُ وَجْهِيَ لِلّهِ وَمَنِ اتَّبَعَنِ

پھر جو تجھ سے جھگڑیں تو کہہ، میں نے تابع کیا اپنا منہ اللہ کے حکم پر اور (انہوں نے بھی) جو کوئی میرے ساتھ ہے۔

وَقُل لِّلَّذِينَ أُوْتُواْ الْكِتَابَ وَالأُمِّيِّينَ أَأَسْلَمْتُمْ

اور کہہ دے کتاب والوں کو اور ان پڑھوں کو کہ تابع ہوتے (اسلام لاتے) ہو؟

فَإِنْ أَسْلَمُواْ فَقَدِ اهْتَدَواْ وَّإِن تَوَلَّوْاْ فَإِنَّمَا عَلَيْكَ الْبَلاَغُ

پھر اگر تابع ہوئے (اسلام لائے) تو راہ پر آئے۔ اور اگر ہٹ رہے تو تیرا ذمہ یہی ہے پہنچا دینا۔

وَاللّهُ بَصِيرٌ بِالْعِبَادِ(٢٠)

اللہ کی نگاہ میں ہیں بندے (اعمال بندوں کے)۔

إِنَّ الَّذِينَ يَكْفُرُونَ بِآيَاتِ اللّهِ وَيَقْتُلُونَ النَّبِيِّينَ بِغَيْرِ حَقٍّ

جو لوگ منکر ہیں اللہ کی آیتوں سے اور مار ڈالتے ہیں نبیوں کو ناحق،

وَيَقْتُلُونَ الَّذِينَ يَأْمُرُونَ بِالْقِسْطِ مِنَ النَّاسِ فَبَشِّرْهُم بِعَذَابٍ أَلِيمٍ (٢١)

اور مار ڈالتے ہیں جو کوئی کہے انصاف کو لوگوں میں سے، سو ان کو خوش خبری سنا دکھ والی مار (عذاب) کی۔

أُولَـئِكَ الَّذِينَ حَبِطَتْ أَعْمَالُهُمْ فِي الدُّنْيَا وَالآخِرَةِ
وہی ہیں جن کی محنت (اعمال) ضائع ہوئی دنیا میں اور آخرت میں،

وَمَا لَهُم مِّن نَّاصِرِينَ (٢٢)
اور کوئی نہیں ان کا مددگار۔

أَلَمْ تَرَ إِلَى الَّذِينَ أُوْتُواْ نَصِيبًا مِّنَ الْكِتَابِ
تو نے نہ دیکھے وہ لوگ جن کو ملا ہے کچھ ایک حصہ کتاب کا،

يُدْعَوْنَ إِلَى كِتَابِ اللّهِ لِيَحْكُمَ بَيْنَهُمْ ثُمَّ يَتَوَلَّى فَرِيقٌ مِّنْهُمْ وَهُم مُّعْرِضُونَ (٢٣)
انکو بلاتے ہیں اللہ کی کتاب پر کہ ان میں حکم کرے، پھر ہٹ رہتے ہیں بعضے ان میں تغافل کر کر۔

ذَلِكَ بِأَنَّهُمْ قَالُواْ لَن تَمَسَّنَا النَّارُ إِلاَّ أَيَّامًا مَّعْدُودَاتٍ
یہ اس واسطے کہ کہتے ہیں ہم کو ہرگز نہ لگے گی آگ (دوزخ کی) مگر کئی (چند) دن گنتی کے۔

وَغَرَّهُمْ فِي دِينِهِم مَّا كَانُواْ يَفْتَرُونَ (٢٤)
اور بہکے ہیں اپنے دین میں اپنی بنائی باتوں پر۔

فَكَيْفَ إِذَا جَمَعْنَاهُمْ لِيَوْمٍ لاَّ رَيْبَ فِيهِ
پھر کیسا ہوگا جب ہم انکو جمع کریں گے ایک دن، جس میں شبہ نہیں۔

وَوُفِّيَتْ كُلُّ نَفْسٍ مَّا كَسَبَتْ وَهُمْ لاَ يُظْلَمُونَ (٢٥)
اور پورا پائے گا ہر کوئی اپنا کیا، اور ان کا حق نہ رہے گا۔

قُلِ اللَّهُمَّ مَالِكَ الْمُلْكِ
تو کہہ، یا اللہ مالک سلطنت کے!

تُؤْتِي الْمُلْكَ مَن تَشَاء وَتَنزِعُ الْمُلْكَ مِمَّن تَشَاء
تو سلطنت دے جسکو چاہے، سلطنت چھین لے جس سے چاہے،

وَتُعِزُّ مَن تَشَاء وَتُذِلُّ مَن تَشَاء
اور عزت دے جسکو چاہے اور ذلیل کرے جسکو چاہے،

بِيَدِكَ الْخَيْرُ إِنَّكَ عَلَىَ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ (٢٦)

تیرے ہاتھ سب خوبی (خیر)، بیشک تو ہر چیز پر قادر ہے۔

تُولِجُ اللَّيْلَ فِي الْنَّهَارِ وَتُولِجُ النَّهَارَ فِي اللَّيْلِ

تو لے آئے (داخل کرے) رات کو دن میں اور تو لے آئے (داخل کرے) دن کو رات میں،

وَتُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَتُخْرِجُ الَمَيَّتَ مِنَ الْحَيِّ

اور تو نکالے جیتا (جاندار) مردے سے اور تو نکالے مُردہ جیتے (جاندار) سے،

وَتَرْزُقُ مَن تَشَاء بِغَيْرِ حِسَابٍ (٢٧)

اور تو رزق دے جس کو چاہے بیشمار۔

لاَّ يَتَّخِذِ الْمُؤْمِنُونَ الْكَافِرِينَ أَوْلِيَاء مِن دُوْنِ الْمُؤْمِنِينَ

نہ پکڑیں (بنائیں) مسلمان کافروں کو رفیق مسلمان چھوڑ کر۔

وَمَن يَفْعَلْ ذَلِكَ فَلَيْسَ مِنَ اللّهِ فِي شَيْءٍ إِلاَّ أَن تَتَّقُواْ مِنْهُمْ تُقَاةً

اور جو کوئی یہ کام کرے، وہ اللہ کا کوئی نہیں، یہ کہ تم پکڑا چاہو ان سے بچاؤ۔

وَيُحَذِّرُكُمُ اللّهُ نَفْسَهُ وَإِلَى اللّهِ الْمَصِيرُ (٢٨)

اور اللہ تم کو ڈراتا ہے آپ (اپنی ذات) سے۔ اور اللہ ہی تک پہنچنا (لوٹ کر جانا) ہے۔

قُلْ إِن تُخْفُواْ مَا فِي صُدُورِكُمْ أَوْ تُبْدُوهُ يَعْلَمْهُ اللّهُ

تو کہہ، اگر تم چھپاؤ گے اپنے جی کی بات یا ظاہر کروگے، وہ اللہ کو معلوم ہے،

وَيَعْلَمُ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي الأَرْضِ

اور اس کو معلوم ہے جو کچھ ہے آسمان اور زمین میں۔

وَاللّهُ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ(٢٩)

اور اللہ ہر چیز پر قادر ہے۔

يَوْمَ تَجِدُ كُلُّ نَفْسٍ مَّا عَمِلَتْ مِنْ خَيْرٍ مُّحْضَرًا

جس دن پائے گا ہر شخص جو کی ہے نیکی روبرو۔

وَمَا عَمِلَتْ مِن سُوَءٍ تَوَدُّ لَوْ أَنَّ بَيْنَهَا وَبَيْنَهُ أَمَدًا بَعِيدًا

اور جو کی ہے برائی۔ آرزو کرے گا کہ مجھ میں اور اس (کی بدی) میں فرق پڑ جائے دُور کا۔

وَيُحَذِّرُكُمُ اللّهُ نَفْسَهُ وَاللّهُ رَؤُوفُ بِالْعِبَادِ (٣٠)

اور اللہ ڈراتا ہے تم کو آپ (اپنی ذات) سے۔ اور اللہ شفقت رکھتا ہے بندوں پر۔

قُلْ إِن كُنتُمْ تُحِبُّونَ اللّهَ فَاتَّبِعُونِي يُحْبِبْكُمُ اللّهُ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوبَكُمْ

تو کہہ، اگر تم محبت رکھتے ہو اللہ کی تو میری راہ چلو کہ اللہ تم کو چاہے اور بخشے گناہ تمہارے۔

وَاللّهُ غَفُورٌ رَّحِيمٌ (٣١)

اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔

قُلْ أَطِيعُواْ اللّهَ وَالرَّسُولَ

تو کہہ حکم مانو اللہ کا اور رسول کا،

فإِن تَوَلَّوْاْ فَإِنَّ اللّهَ لاَ يُحِبُّ الْكَافِرِينَ (٣٢)

پھر اگر وہ ہٹ رہیں تو اللہ نہیں چاہتا منکروں کو۔

إِنَّ اللّهَ اصْطَفَى آدَمَ وَنُوحًا وَآلَ إِبْرَاهِيمَ وَآلَ عِمْرَانَ عَلَى الْعَالَمِينَ (٣٣)

اللہ نے پسند کیا آدم کو اور نوح کو اور ابراہیم کے گھر کو اور عمران کے گھر کو، سارے جہان سے۔

ذُرِّيَّةً بَعْضُهَا مِن بَعْضٍ وَاللّهُ سَمِيعٌ عَلِيمٌ (٣٤)

کہ اولاد تھے ایک دوسرے کی، اور اللہ سنتا جانتا ہے۔

إِذْ قَالَتِ امْرَأَةُ عِمْرَانَ رَبِّ إِنِّي

جب بولی عورت عمران کی، کہ اے رب!

نَذَرْتُ لَكَ مَا فِي بَطْنِي مُحَرَّرًا فَتَقَبَّلْ مِنِّي

میں نے نذر کیا تیری جو کچھ میرے پیٹ میں ہے آزاد (ہوگا تیرے نام پر) سو تو مجھ سے قبول کر۔

إِنَّكَ أَنتَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ (٣٥)

تو ہے اصل سنتا جانتا۔

فَلَمَّا وَضَعَتْهَا قَالَتْ رَبِّ إِنِّي وَضَعْتُهَا أُنثَى

پھر جب اسکو جنی (پیدا کیا)، بولی، اے رب! میں نے یہ لڑکی جنی۔

وَاللّهُ أَعْلَمُ بِمَا وَضَعَتْ وَلَيْسَ الذَّكَرُ كَالأُنثَى

اور اللہ کو بہتر معلوم ہے جو کچھ جنی۔ اور (کوئی) بیٹا نہ ہو جیسے وہ بیٹی۔

وَإِنِّي سَمَّيْتُهَا مَرْيَمَ وِإِنِّي أُعِيذُهَا بِكَ وَذُرِّيَّتَهَا مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ (٣٦)

اور میں نے اسکا نام رکھا مریم، اور میں تیری پناہ میں دیتی ہوں اسکو اور اسکی اولاد کو شیطان مردود سے۔

فَتَقَبَّلَهَا رَبُّهَا بِقَبُولٍ حَسَنٍ وَأَنبَتَهَا نَبَاتًا حَسَنًا وَكَفَّلَهَا زَكَرِيَّا

پھر قبول کیا اسکو اسکے رب نے، اچھی طرح قبول کرنا اور بڑھایا اسکو اچھی طرح بڑھانا، اور سپرد کیا زکریا کو۔

كُلَّمَا دَخَلَ عَلَيْهَا زَكَرِيَّا الْمِحْرَابَ وَجَدَ عِندَهَا رِزْقاً

جس وقت آتا اُس پاس زکریا حجرے میں، پاتا اس پاس کچھ کھانا،

قَالَ يَا مَرْيَمُ أَنَّى لَكِ هَـذَا

بولا، اے مریم! کہاں سے آیا تجھ کو یہ؟

قَالَتْ هُوَ مِنْ عِندِ اللّهِ

کہنے لگی، یہ اللہ کے پاس سے۔

إنَّ اللّهَ يَرْزُقُ مَن يَشَاء بِغَيْرِ حِسَابٍ (٣٧)

اللہ رزق دیتا ہے جس کو چاہے بے قیاس (حساب)۔

هُنَالِكَ دَعَا زَكَرِيَّا رَبَّهُ

وہاں دعا کی زکریا نے اپنے رب سے۔

قَالَ رَبِّ هَبْ لِي مِن لَّدُنْكَ ذُرِّيَّةً طَيِّبَةً

کہا، اے رب میرے! عطا کر مجھ کو اپنے پاس سے اولاد پاکیزہ،

إِنَّكَ سَمِيعُ الدُّعَاء (٣٨)

بیشک تو سننے والا ہے دُعا۔

فَنَادَتْهُ الْمَلآئِكَةُ وَهُوَ قَائِمٌ يُصَلِّي فِي الْمِحْرَابِ أَنَّ اللّهَ يُبَشِّرُكَ بِيَحْيَـى

پھر اسکو آواز دی فرشتوں نے، جب وہ کھڑا تھا نماز میں حجرے کے اندر، کہ اللہ تجھ کو خوشخبری دیتا ہے یحییٰ کی،

مُصَدِّقًا بِكَلِمَةٍ مِّنَ اللّهِ وَسَيِّدًا وَحَصُورًا وَنَبِيًّا مِّنَ الصَّالِحِينَ ﴿٣٩﴾

جو گواہی دے گا اللہ کے ایک حکم کی، پھر سردار ہوگا اور عورت پاس نہ جائے گا، اور نبی ہوگا نیکوں میں۔

قَالَ رَبِّ أَنَّى يَكُونُ لِي غُلاَمٌ وَقَدْ بَلَغَنِيَ الْكِبَرُ وَامْرَأَتِي عَاقِرٌ

بولا، اے رب! کہاں سے ہوگا مجھ کو لڑکا؟ اور مجھ پر آیا بڑھاپا اور عورت میری بانجھ ہے۔

قَالَ كَذَلِكَ اللّهُ يَفْعَلُ مَا يَشَاء ﴿٤٠﴾

فرمایا اسی طرح اللہ کرتا ہے جو چاہے۔

قَالَ رَبِّ اجْعَل لِّيَ آيَةً

بولا، اے رب! مجھ کو دے کوئی نشانی۔

قَالَ آيَتُكَ أَلاَّ تُكَلِّمَ النَّاسَ ثَلاَثَةَ أَيَّامٍ إِلاَّ رَمْزًا

کہا، نشانی تیری یہ کہ نہ بات کرے تو لوگوں سے تین دن، مگر اشارت سے۔

وَاذْكُر رَّبَّكَ كَثِيرًا وَسَبِّحْ بِالْعَشِيِّ وَالإِبْكَارِ ﴿٤١﴾

اور یاد کر اپنے رب کو بہت اور تسبیح کر شام اور صبح۔

وَإِذْ قَالَتِ الْمَلاَئِكَةُ يَا مَرْيَمُ إِنَّ اللّهَ اصْطَفَاكِ وَطَهَّرَكِ

جب فرشتے بولے، اے مریم! اللہ نے تجھ کو پسند کیا اور ستھرا بنایا،

وَاصْطَفَاكِ عَلَى نِسَاء الْعَالَمِينَ ﴿٤٢﴾

اور پسند (برگزیدہ) کیا تجھ کو سب جہان کی عورتوں سے۔

يَا مَرْيَمُ اقْنُتِي لِرَبِّكِ وَاسْجُدِي وَارْكَعِي مَعَ الرَّاكِعِينَ ﴿٤٣﴾

اے مریم! بندگی کر اپنے رب کی اور سجدہ کر، اور رکوع کر ساتھ رکوع کرنے والوں کے۔

ذَلِكَ مِنْ أَنبَاء الْغَيْبِ نُوحِيهِ إِلَيكَ

یہ خبریں غیب کی ہیں ہم بھیجتے ہیں تجھ کو۔

وَمَا كُنتَ لَدَيْهِمْ إِذْ يُلْقُون أَقلاَمَهُمْ أَيُّهُمْ يَكْفُلُ مَرْيَمَ

اور تُو نہ تھا اُن کے پاس، جب ڈالنے لگے اپنے قلم (قرعہ اندازی کے لئے) کہ کون پالے مریم کو؟

وَمَا كُنتَ لَدَيْهِمْ إِذْ يَخْتَصِمُونَ (٤٤)

اور تُو نہ تھا اُن کے پاس جب جھگڑتے تھے۔

إِذْ قَالَتِ الْمَلآئِكَةُ يَا مَرْيَمُ إِنَّ اللّهَ يُبَشِّرُكِ بِكَلِمَةٍ مِّنْهُ

جب کہا فرشتوں نے، اے مریم! اللہ تجھ کو بشارت دیتا ہے ایک اپنے حکم کی،

اسْمُهُ الْمَسِيحُ عِيسَى ابْنُ مَرْيَمَ وَجِيهًا فِي الدُّنْيَا وَالآخِرَةِ وَمِنَ الْمُقَرَّبِينَ (٤٥)

جس کا نام مسیح عیسیٰ، مریم کا بیٹا، مرتبے والا دنیا میں، اور آخرت میں، اور نزدیک والوں میں۔

وَيُكَلِّمُ النَّاسَ فِي الْمَهْدِ وَكَهْلاً وَمِنَ الصَّالِحِينَ (٤٦)

اور باتیں کریگا لوگوں سے جب ماں کی گود میں ہوگا، اور جب پوری عمر کا ہوگا اور نیک بختوں میں ہے۔

قَالَتْ رَبِّ أَنَّى يَكُونُ لِي وَلَدٌ وَلَمْ يَمْسَسْنِي بَشَرٌ

بولی، اے رب! کہاں سے ہوگا مجھ کو لڑکا؟ اور مجھ کو ہاتھ نہیں لگایا کسی آدمی نے۔

قَالَ كَذَلِكِ اللّهُ يَخْلُقُ مَا يَشَاءُ

کہا، اسی طرح اللہ پیدا کرتا ہے جو چاہے،

إِذَا قَضَى أَمْرًا فَإِنَّمَا يَقُولُ لَهُ كُن فَيَكُونُ (٤٧)

جب حکم کرتا ہے ایک کام کو، تو یہی کہتا ہے اسکو کہ 'ہو' وہ ہوتا ہے۔

وَيُعَلِّمُهُ الْكِتَابَ وَالْحِكْمَةَ وَالتَّوْرَاةَ وَالإِنجِيلَ (٤٨)

اور سکھا دے گا اس کو کتاب اور کام کی باتیں، اور توریت اور انجیل۔

وَرَسُولاً إِلَى بَنِي إِسْرَائِيلَ أَنِّي قَدْ جِئْتُكُم بِآيَةٍ مِّن رَّبِّكُمْ

اور رسول ہوگا بنی اسرائیل کی طرف، کہ میں آیا ہوں تم پاس نشان لے کر تمہارے رب کا،

أَنِّي أَخْلُقُ لَكُم مِّنَ الطِّينِ كَهَيْئَةِ الطَّيْرِ فَأَنفُخُ فِيهِ فَيَكُونُ طَيْرًا بِإِذْنِ اللّهِ

کہ میں بنا دیتا ہوں تمکو مٹی کی صورت جانور کی، پھر اس میں پھونک مارتا ہوں، تو وہ ہو جائے اُڑتا جانور اللہ کے حکم سے،

وَأُبْرِىءُ الأكْمَهَ والأَبْرَصَ وَأُحْيِـي الْمَوْتَى بِإِذْنِ اللّهِ

اور چنگا (تندرست) کرتا ہوں جو اندھا پیدا ہو، اور کوڑھی، اور جلاتا (زندہ کرتا) ہوں مُردے، اللہ کے حکم سے،

وَأُنَبِّئُكُم بِمَا تَأْكُلُونَ وَمَا تَدَّخِرُونَ فِي بُيُوتِكُمْ

اور بتا دیتا ہوں تم کو جو کھا کر آؤ اور رکھ آؤ اپنے گھر میں۔

إِنَّ فِي ذَلِكَ لآيَةً لَّكُمْ إِن كُنتُم مُّؤْمِنِينَ(٤٩)

اس میں نشانی پوری ہے تم کو، اگر تم یقین رکھتے ہو۔

وَمُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيَّ مِنَ التَّوْرَاةِ وَلِأُحِلَّ لَكُم بَعْضَ الَّذِي حُرِّمَ عَلَيْكُمْ

اور سچ بتاتا ہوں تورات کو جو مجھ سے پہلے کی ہے، اور اس واسطے کہ حلال کر دوں تم کو بعضی چیز، جو حرام تھی تم پر،

وَجِئْتُكُم بِآيَةٍ مِّن رَّبِّكُمْ فَاتَّقُواْ اللّهَ وَأَطِيعُونِ (٥٠)

اور آیا ہوں تم پاس نشانی لے کر تمہارے رب کی، سو ڈرو اللہ سے اور میرا کہا مانو۔

إِنَّ اللّهَ رَبِّي وَرَبُّكُمْ فَاعْبُدُوهُ هَـذَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِيمٌ (٥١)

بیشک اللہ ہے رب میرا اور رب تمہارا، سو اس کی بندگی کرو۔ یہ سیدھی راہ ہے۔

فَلَمَّا أَحَسَّ عِيسَى مِنْهُمُ الْكُفْرَ قَالَ مَنْ أَنصَارِي إِلَى اللّهِ

پھر جب معلوم (محسوس) کیا عیسیٰ نے بنی اسرائیل کا کفر، بولا، کون ہے کہ میری مدد کرے اللہ کی راہ میں؟

قَالَ الْحَوَارِيُّونَ نَحْنُ أَنصَارُ اللّهِ

کہا حواریوں نے، ہم ہیں مدد کرنے والے اللہ کے،

آمَنَّا بِاللّهِ وَاشْهَدْ بِأَنَّا مُسْلِمُونَ (٥٢)

ہم یقین لائے اللہ پر اور تو گواہ رہ کہ ہم نے حکم قبول کیا۔

رَبَّنَا آمَنَّا بِمَا أَنزَلَتْ وَاتَّبَعْنَا الرَّسُولَ فَاكْتُبْنَا مَعَ الشَّاهِدِينَ(٥٣)

اے رب! ہم نے یقین کیا جو تو نے اُتارا، اور ہم تابع ہوئے رسول کے، سو لکھ لے ہم کو ماننے والوں میں۔

وَمَكَرُواْ وَمَكَرَ اللّهُ

اور فریب کیا (چال چلی) ان کافروں نے اور فریب کیا (چال چلی) اللہ نے،

وَاللّهُ خَيْرُ الْمَاكِرِينَ (٥٤)

اور اللہ کا داؤ (کی چال) سب سے بہتر ہے۔

إِذْ قَالَ اللّهُ يَا عِيسَى إِنِّي مُتَوَفِّيكَ وَرَافِعُكَ إِلَيَّ وَمُطَهِّرُكَ مِنَ الَّذِينَ كَفَرُواْ

جس وقت کہا اللہ نے، اے عیسیٰ! میں تجھ کو بھرلوں (واپس لےلوں) گا، اور اٹھالوں گا اپنی طرف، اور پاک کردوں گا کافروں سے،

وَجَاعِلُ الَّذِينَ اتَّبَعُوكَ فَوْقَ الَّذِينَ كَفَرُواْ إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ

اور رکھوں گا تیرے تابعوں کو اوپر منکروں سے قیامت کے دن تک۔

ثُمَّ إِلَيَّ مَرْجِعُكُمْ فَأَحْكُمُ بَيْنَكُمْ فِيمَا كُنتُمْ فِيهِ تَخْتَلِفُونَ (٥٥)

پھر میری طرف ہے تم کو پھر (لوٹ) آنا، پھر فیصلہ کردوں گا تم میں جس بات میں تم جھگڑتے تھے۔

فَأَمَّا الَّذِينَ كَفَرُواْ فَأُعَذِّبُهُمْ عَذَابًا شَدِيدًا فِي الدُّنْيَا وَالآخِرَةِ

سو وہ جو کافر ہوئے، ان کو عذاب کروں گا سخت عذاب، دنیا میں اور آخرت میں،

وَمَا لَهُم مِّن نَّاصِرِينَ (٥٦)

اور کوئی نہیں ان کا مددگار۔

وَأَمَّا الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُواْ الصَّالِحَاتِ فَيُوَفِّيهِمْ أُجُورَهُمْ

اور وہ جو یقین لائے، اور عمل نیک کئے سو انکو (اللہ) پورا دے گا انکا حق۔

وَاللّهُ لاَ يُحِبُّ الظَّالِمِينَ (٥٧)

اور اللہ کو خوش (پسند) نہیں آتے بے انصاف۔

ذَلِكَ نَتْلُوهُ عَلَيْكَ مِنَ الآيَاتِ وَالذِّكْرِ الْحَكِيمِ (٥٨)

یہ پڑھ سناتے ہیں ہم تجھ کو آیتیں، اور مذکور تحقیق (تذکرہ حکمت والا)۔

إِنَّ مَثَلَ عِيسَى عِندَ اللّهِ كَمَثَلِ آدَمَ

عیسیٰ کی مثال اللہ کے نزدیک ایسی ہے جیسے مثال آدم کی،

خَلَقَهُ مِن تُرَابٍ ثِمَّ قَالَ لَهُ كُن فَيَكُونُ (٥٩)

بنایا اس کو مٹی سے، پھر کہا اس کو 'ہو جا'، وہ ہو گیا۔

الْحَقُّ مِن رَّبِّكَ فَلاَ تَكُن مِّن الْمُمْتَرِينَ (٦٠)

حق بات ہے تیرے رب کی طرف سے، پھر تو رہ مت شک (کرنے والوں) میں۔

فَمَنْ حَآجَّكَ فِيهِ مِن بَعْدِ مَا جَاءكَ مِنَ الْعِلْمِ

پھر جو جھگڑا کرے تجھ سے اس بات میں بعد اس کے کہ پہنچ چکا تجھ کو علم ،

فَقُلْ تَعَالَوْاْ نَدْعُ أَبْنَاءنَا وَأَبْنَاءكُمْ وَنِسَاءنَا وَنِسَاءكُمْ وَأَنفُسَنَا وأَنفُسَكُمْ

تو تُو کہہ آؤ! بلائیں ہم اپنے بیٹے اور تمہارے بیٹے ، اور اپنی عورتیں اور تمہاری عورتیں ، اور اپنی جان اور تمہاری جان ۔

ثُمَّ نَبْتَهِلْ فَنَجْعَل لَّعْنَةُ اللّهِ عَلَى الْكَاذِبِينَ(٦١)

پھر دُعا ( مباہلہ ، دعائے بد ) کریں ، اور لعنت ڈالیں اللہ کی جھوٹوں پر ۔

إِنَّ هَـذَا لَهُوَ الْقَصَصُ الْحَقُّ وَمَا مِنْ إِلَـهٍ إِلاَّ اللّهُ

یہ جو ہے سو یہی ہے بیان تحقیق ( حق ) ، اور کسی کی بندگی نہیں سوا اللہ کے ،

وَإِنَّ اللّهَ لَهُوَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ (٦٢)

اور اللہ جو ہے وہی ہے زبردست حکمت والا ۔

فَإِن تَوَلَّوْاْ فَإِنَّ اللّهَ عَلِيمٌ بِالْمُفْسِدِينَ (٦٣)

پھر اگر قبول نہ کریں تو اللہ کو معلوم ہیں فساد کرنے والے ۔

قُلْ يَا أَهْلَ الْكِتَابِ تَعَالَوْاْ إِلَى كَلَمَةٍ سَوَاء بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ

تُو کہہ ، اے کتاب والو! آؤ ایک سیدھی بات پر ( جو یکساں ہے ) ہمارے تمہارے درمیان کی ،

أَلاَّ نَعْبُدَ إِلاَّ اللّهَ وَلاَ نُشْرِكَ بِهِ شَيْئًا وَلاَ يَتَّخِذَ بَعْضُنَا بَعْضاً أَرْبَابًا مِّن دُونِ اللّهِ

کہ بندگی نہ کریں گے مگر اللہ کو ، اور شریک نہ ٹھہرائیں اس کی کوئی چیز ، اور نہ پکڑیں آپس میں ایک ایک کو رب ، سوا اللہ کے ۔

فَإِن تَوَلَّوْاْ فَقُولُواْ اشْهَدُواْ بِأَنَّا مُسْلِمُونَ (٦٤)

پھر اگر وہ قبول نہ رکھیں تو کہہ ، شاہد رہو ، کہ ہم تو ( صرف اللہ کے ) حکم کے تابع ہیں ۔

يَا أَهْلَ الْكِتَابِ لِمَ تُحَآجُّونَ فِي إِبْرَاهِيمَ

اے کتاب والو! کیوں جھگڑتے ہو ابراہیم پر؟

وَمَا أُنزِلَتِ التَّورَاةُ وَالإنجِيلُ إِلاَّ مِن بَعْدِهِ أَفَلاَ تَعْقِلُونَ(٦٥)

اور توریت اور انجیل تو اُتریں اسکے بعد ، کیا تم کو عقل نہیں؟

هَاأَنتُمْ هَؤُلاء حَاجَجْتُمْ فِيمَا لَكُم بِهِ عِلمٌ فَلِمَ تُحَآجُّونَ فِيمَا لَيْسَ لَكُم بِهِ عِلْمٌ

تم لوگ جھگڑ چکے، جس بات میں تم کو خبر تھی، اب کیوں جھگڑتے ہو، جس بات میں تم کو خبر نہیں؟

وَاللّهُ يَعْلَمُ وَأَنتُمْ لاَ تَعْلَمُونَ(٦٦)

اور اللہ جانتا ہے، اور تم نہیں جانتے۔

مَا كَانَ إِبْرَاهِيمُ يَهُودِيًّا وَلاَ نَصْرَانِيًّا وَلَكِن كَانَ حَنِيفًا مُّسْلِمًا

نہ تھا ابراہیم یہودی، اور نہ تھا نصرانی، لیکن تھا ایک طرف کا حکم بردار۔

وَمَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِينَ (٦٧)

اور نہ تھا شرک والا۔

إِنَّ أَوْلَى النَّاسِ بِإِبْرَاهِيمَ لَلَّذِينَ اتَّبَعُوهُ وَهَـذَا النَّبِيُّ وَالَّذِينَ آمَنُواْ

لوگوں میں زیادہ مناسبت ابراہیم سے انکو تھی، جو ساتھ اسکے تھے، اور اس نبی کو اور ایمان والوں کو۔

وَاللّهُ وَلِيُّ الْمُؤْمِنِينَ (٦٨)

اور اللہ والی (ساتھی) ہے مسلمانوں کا۔

وَدَّت طَّآئِفَةٌ مِّنْ أَهْلِ الْكِتَابِ لَوْ يُضِلُّونَكُمْ

آرزو ہے بعض کتاب والوں کو، کسی طرح تم کو راہ بھلائیں،

وَمَا يُضِلُّونَ إِلاَّ أَنفُسَهُمْ وَمَا يَشْعُرُونَ (٦٩)

اور راہ بھلاتے ہیں مگر آپ کو، اور نہیں سمجھتے۔

يَا أَهْلَ الْكِتَابِ لِمَ تَكْفُرُونَ بِآيَاتِ اللّهِ وَأَنتُمْ تَشْهَدُونَ (٧٠)

اے کتاب والو! کیوں منکر ہوتے ہو اللہ کے کلام سے؟ اور تم قائل ہو۔

يَا أَهْلَ الْكِتَابِ لِمَ تَلْبِسُونَ الْحَقَّ بِالْبَاطِلِ وَتَكْتُمُونَ الْحَقَّ وَأَنتُمْ تَعْلَمُونَ (٧١)

اے کتاب والو! کیوں ملاتے ہو صحیح میں غلط اور چھپاتے ہو سچی بات کو جان کر۔

وَقَالَت طَّآئِفَةٌ مِّنْ أَهْلِ الْكِتَابِ

اور کہا ایک لوگوں نے اہل کتاب میں،

آمِنُواْ بِالَّذِيَ أُنزِلَ عَلَى الَّذِينَ آمَنُواْ وَجْهَ النَّهَارِ وَاكْفُرُواْ آخِرَهُ

کہ مان لو جو کچھ اُترا مسلمانوں پر دن چڑھے (صبح کو)، اور منکر ہو جاؤ آخر دن (رات کو)،

لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُونَ(٧٢)

شاید وہ پھر جائیں (اپنے دین سے)۔

وَلاَ تُؤْمِنُواْ إِلاَّ لِمَن تَبِعَ دِينَكُمْ

اور یقین کریو مگر اسی کا جو چلے تمہارے دین پر۔

قُلْ إِنَّ الْهُدَى هُدَى اللّهِ أَن يُؤْتَى أَحَدٌ مِّثْلَ مَا أُوتِيتُمْ أَوْ يُحَآجُّوكُمْ عِندَ رَبِّكُمْ

تُو کہہ، ہدایت وہی جو ہدایت کرے اللہ، اس واسطے کہ کسی کو ملا جیسا کچھ تم کو ملا تھا، یا مقابلہ کیا تم سے تمہارے رب کے آگے۔

قُلْ إِنَّ الْفَضْلَ بِيَدِ اللّهِ يُؤْتِيهِ مَن يَشَاء

تُو کہہ، بڑائی اللہ کے ہاتھ میں ہے دیتا ہے جس کو چاہے۔

وَاللّهُ وَاسِعٌ عَلِيمٌ(٧٣)

اور اللہ گنجائش والا ہے خبردار۔

يَخْتَصُّ بِرَحْمَتِهِ مَن يَشَاء وَاللّهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيمِ (٧٤)

خاص کرتا ہے اپنی مہربانی جس پر چاہے۔ اور اللہ کا فضل بڑا ہے۔

وَمِنْ أَهْلِ الْكِتَابِ مَنْ إِن تَأْمَنْهُ بِقِنطَارٍ يُؤَدِّهِ إِلَيْكَ

اور بعض اہل کتاب میں وہ ہے کہ اگر تو اس پاس امانت رکھے ڈھیر مال، ادا کرے تجھ کو،

وَمِنْهُم مَّنْ إِن تَأْمَنْهُ بِدِينَارٍ لاَّ يُؤَدِّهِ إِلَيْكَ إِلاَّ مَا دُمْتَ عَلَيْهِ قَآئِمًا

اور بعض ان میں وہ ہے، اگر تُو اُس پاس امانت رکھے ایک اشرفی، ادا نہ کرے تجھ کو، مگر جب تک تُو رہے اسکے سر پر کھڑا۔

ذَلِكَ بِأَنَّهُمْ قَالُواْ لَيْسَ عَلَيْنَا فِي الأُمِّيِّينَ سَبِيلٌ

یہ اس واسطے کہ انہوں نے کہہ رکھا ہے، نہیں ہم پر جاہلوں کے حق کا گناہ۔

وَيَقُولُونَ عَلَى اللّهِ الْكَذِبَ وَهُمْ يَعْلَمُونَ(٧٥)

اور جھوٹ بولتے ہیں اللہ پر جانتے (جان بوجھ کر)۔

بَلَى مَنْ أَوْفَى بِعَهْدِهِ وَاتَّقَى فَإِنَّ اللّهَ يُحِبُّ الْمُتَّقِينَ (٧٦)
کیوں نہیں! جو کوئی پورا کرے اپنا اقرار اور پرہیزگار رہے، تو اللہ چاہتا ہے پرہیزگاروں کو۔

إِنَّ الَّذِينَ يَشْتَرُونَ بِعَهْدِ اللّهِ وَأَيْمَانِهِمْ ثَمَنًا قَلِيلاً أُوْلَـئِكَ لاَ خَلاَقَ لَهُمْ فِي الآخِرَةِ
جو لوگ خرید کرتے ہیں اللہ کے اقرار پر، اور اپنی قسموں پر تھوڑا مول، اور ان کو کچھ حصہ نہیں آخرت میں،

وَلاَ يُكَلِّمُهُمُ اللّهُ وَلاَ يَنظُرُ إِلَيْهِمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَلاَ يُزَكِّيهِمْ
اور نہ بات کریگا اُن سے اللہ، اور نہ نگاہ کریگا انکی طرف قیامت کے دن، اور نہ سنوارے (پاک کرے) گا انکو،

وَلَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ (٧٧)
اور انکو دکھ کی مار (دردناک عذاب) ہے۔

وَإِنَّ مِنْهُمْ لَفَرِيقًا يَلْوُونَ أَلْسِنَتَهُم بِالْكِتَابِ لِتَحْسَبُوهُ مِنَ الْكِتَابِ وَمَا هُوَ مِنَ الْكِتَابِ
اور ان میں ایک لوگ ہیں کہ زبان مروڑ کر پڑھتے ہیں کتاب کہ تم جانو وہ کتاب میں ہے، اور وہ نہیں کتاب میں۔

وَيَقُولُونَ هُوَ مِنْ عِندِ اللّهِ وَمَا هُوَ مِنْ عِندِ اللّهِ وَيَقُولُونَ عَلَى اللّهِ الْكَذِبَ وَهُمْ يَعْلَمُونَ(٧٨)
اور کہتے ہیں وہ اللہ کا کہا ہے، اور وہ نہیں اللہ کا کہا اور اللہ پر جھوٹ بولتے ہیں جان کر۔

مَا كَانَ لِبَشَرٍ أَن يُؤْتِيَهُ اللّهُ الْكِتَابَ وَالْحُكْمَ وَالنُّبُوَّةَ
کسی بشر کا کام نہیں کہ اللہ اسکو دے کتاب اور حکم اور پیغمبر کرے،

ثُمَّ يَقُولَ لِلنَّاسِ كُونُواْ عِبَادًا لِّي مِن دُونِ اللّهِ
پھر وہ کہے لوگوں کو تم میرے بندے ہو اللہ کو چھوڑ کر،

وَلَـكِن كُونُواْ رَبَّانِيِّينَ بِمَا كُنتُمْ تُعَلِّمُونَ الْكِتَابَ وَبِمَا كُنتُمْ تَدْرُسُونَ (٧٩)
لیکن تم ربّی (اللہ والے) ہو جاؤ، جیسے تھے تم کتاب سکھاتے، اور جیسے تھے تم پڑھتے۔

وَلاَ يَأْمُرَكُمْ أَن تَتَّخِذُواْ الْمَلاَئِكَةَ وَالنِّبِيِّيْنَ أَرْبَابًا
اور نہ یہ کہے تم کو، کہ ٹھہراؤ فرشتوں کو اور نبیوں کو رب۔

أَيَأْمُرُكُم بِالْكُفْرِ بَعْدَ إِذْ أَنتُم مُّسْلِمُونَ (٨٠)
کیا تم کو کفر سکھائے گا بعد اس کے کہ تم مسلمان ہو چکو۔

وَإِذْ أَخَذَ اللّهُ مِيثَاقَ النَّبِيِّيْنَ لَمَا آتَيْتُكُم مِّن كِتَابٍ وَحِكْمَةٍ

اور جب لیا اللہ نے اقرار نبیوں کا، کہ جو کچھ میں نے تم کو دیا کتاب اور علم،

ثُمَّ جَاءكُمْ رَسُولٌ مُّصَدِّقٌ لِّمَا مَعَكُمْ لَتُؤْمِنُنَّ بِهِ وَلَتَنصُرُنَّهُ

پھر آئے تم پاس کوئی رسول، کہ سچ بتائے تمہارے پاس والی کو، اُس پر ایمان لاؤ گے، اور اسکی مدد کرو گے۔

قَالَ أَأَقْرَرْتُمْ وَأَخَذْتُمْ عَلَى ذَلِكُمْ إِصْرِي

فرمایا، کہ تم نے اقرار کیا؟ اور اس شرط پر لیا میرا ذمہ؟

قَالُواْ أَقْرَرْنَا

بولے، ہم نے اقرار کیا۔

قَالَ فَاشْهَدُواْ وَأَنَاْ مَعَكُم مِّنَ الشَّاهِدِينَ(۸۱)

فرمایا، تو اب شاہد رہو اور میں بھی تمہارے ساتھ شاہد ہوں۔

فَمَن تَوَلَّى بَعْدَ ذَلِكَ فَأُوْلَـئِكَ هُمُ الْفَاسِقُونَ (۸۲)

پھر جو کوئی پھر جائے اسکے بعد، تو وہی لوگ ہیں بے حکم (نافرمان)۔

أَفَغَيْرَ دِينِ اللّهِ يَبْغُونَ

اب کچھ اور دین ڈھونڈتے ہیں سوا دین اللہ کے،

وَلَهُ أَسْلَمَ مَن فِي السَّمَاوَاتِ وَالأَرْضِ طَوْعًا وَكَرْهًا وَإِلَيْهِ يُرْجَعُونَ(۸۳)

اور اسی کے حکم میں ہے جو کوئی آسمان اور زمین میں ہے، خوشی سے یا زور سے، اور اسی کی طرف پھر (لوٹائے) جائیں گے۔

قُلْ آمَنَّا بِاللّهِ وَمَا أُنزِلَ عَلَيْنَا

تو کہہ، ہم ایمان لائے اللہ پر اور جو کچھ اترا ہم پر،

وَمَا أُنزِلَ عَلَى إِبْرَاهِيمَ وَإِسْمَاعِيلَ وَإِسْحَقَ وَيَعْقُوبَ وَالأَسْبَاطِ

اور جو کچھ اترا ابراہیم پر اور اسمٰعیل پر اور اسحٰق پر اور یعقوب پر، اور اس کی اولاد پر،

وَمَا أُوتِيَ مُوسَى وَعِيسَى وَالنَّبِيُّونَ مِن رَّبِّهِمْ

اور جو ملا موسیٰ کو، اور عیسیٰ کو، اور جو ملا سب نبیوں کو اپنے رب کی طرف سے،

لاَ نُفَرِّقُ بَيْنَ أَحَدٍ مِّنْهُمْ وَنَحْنُ لَهُ مُسْلِمُونَ(٨٤)

ہم جدا نہیں کرتے ان میں کسی کو اور اس کے حکم پر ہیں ۔

وَمَن يَبْتَغِ غَيْرَ الإِسْلاَمِ دِينًا فَلَن يُقْبَلَ مِنْهُ

اور جو کوئی چاہے سوا حکم برداری (اسلام) کے اور دین، سو اس سے ہرگز قبول نہ ہوگا،

وَهُوَ فِي الآخِرَةِ مِنَ الْخَاسِرِينَ (٨٥)

اور وہ آخرت میں خراب (خسارہ پانے والوں میں) ہے ۔

كَيْفَ يَهْدِي اللّهُ قَوْمًا كَفَرُواْ بَعْدَ إِيمَانِهِمْ وَشَهِدُواْ أَنَّ الرَّسُولَ حَقٌّ وَجَاءهُمُ الْبَيِّنَاتُ

کیوں کر راہ دیگا اللہ ایسے لوگوں کو کہ منکر ہو گئے مان کر، اور بتا چکے کہ رسول سچا ہے، اور پہنچ چکے انکو نشان ۔

وَاللّهُ لاَ يَهْدِي الْقَوْمَ الظَّالِمِينَ(٨٦)

اور اللہ راہ نہیں دیتا بے انصاف لوگوں کو ۔

أُوْلَـئِكَ جَزَآؤُهُمْ أَنَّ عَلَيْهِمْ لَعْنَةَ اللّهِ وَالْمَلآئِكَةِ وَالنَّاسِ أَجْمَعِينَ (٨٧)

ایسے لوگوں کی سزا یہ ہے کہ اُن پر لعنت اللہ کی، اور فرشتوں کی، اور لوگوں کی سب کی ۔

خَالِدِينَ فِيهَا لاَ يُخَفَّفُ عَنْهُمُ الْعَذَابُ وَلاَ هُمْ يُنظَرُونَ (٨٨)

پڑے رہیں اس (لعنت) میں، نہ ہلکا ہو اُن پر عذاب، اور نہ اُن کو فرصت (مہلت) ملے ۔

إِلاَّ الَّذِينَ تَابُواْ مِن بَعْدِ ذَلِكَ وَأَصْلَحُواْ فَإِنَّ الله غَفُورٌ رَّحِيمٌ (٨٩)

مگر جنہوں نے توبہ کی اس کے بعد اور سنوار پکڑی (اصلاح کر لی اپنی)، تو البتہ اللہ بخشنے والا مہربان ہے ۔

إِنَّ الَّذِينَ كَفَرُواْ بَعْدَ إِيمَانِهِمْ ثُمَّ ازْدَادُواْ كُفْرًا لَّن تُقْبَلَ تَوْبَتُهُمْ

جو لوگ منکر ہوئے مان کر، پھر بڑھتے رہے انکار میں، ہرگز قبول نہ ہوگی اُن کی توبہ،

وَأُوْلَـئِكَ هُمُ الضَّآلُّونَ (٩٠)

اور وہی ہیں راہ بھولے (گمراہ) ۔

إِنَّ الَّذِينَ كَفَرُواْ وَمَاتُواْ وَهُمْ كُفَّارٌ فَلَن يُقْبَلَ مِنْ أَحَدِهِم مِّلْءُ الأرْضِ ذَهَبًا وَلَوِ افْتَدَى بِهِ

جو لوگ منکر ہوئے، اور مر گئے منکر ہی، تو ہرگز قبول نہ ہوگا ایسے کسی سے، زمین بھر کر سونا، اگر چہ بدلہ دے یہ کچھ ۔

أُوْلَـئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ وَمَا لَهُم مِّن نَّاصِرِينَ(٩١)

انکو دُکھ کی مار (دردناک عذاب) ہے، اور کوئی نہیں انکا مددگار۔

لَن تَنَالُواْ الْبِرَّ حَتَّى تُنفِقُواْ مِمَّا تُحِبُّونَ

ہرگز نہ پہنچو گے نیکی کی حد کو، جب تک نہ خرچ کرو کچھ ایک، جس سے محبت رکھتے ہو۔

وَمَا تُنفِقُواْ مِن شَيْءٍ فَإِنَّ اللّهَ بِهِ عَلِيمٌ (٩٢)

اور جو چیز خرچ کرو گے، سو اللہ کو معلوم ہے۔

كُلُّ الطَّعَامِ كَانَ حِـلاًّ لِّبَنِي إِسْرَائِيلَ

سب کھانے کی چیزیں حلال تھیں، بنی اسرائیل کو،

إِلاَّ مَا حَرَّمَ إِسْرَائِيلُ عَلَى نَفْسِهِ مِن قَبْلِ أَن تُنَزَّلَ التَّوْرَاةُ

مگر جو حرام کر لی تھی اسرائیل نے اپنی جان پر توریت نازل ہونے سے پہلے۔

قُلْ فَأْتُواْ بِالتَّوْرَاةِ فَاتْلُوهَا إِن كُنتُمْ صَادِقِينَ(٩٣)

تُو کہہ لاؤ توریت اور پڑھو اگر سچے ہو۔

فَمَنِ افْتَرَىَ عَلَى اللّهِ الْكَذِبَ مِن بَعْدِ ذَلِكَ فَأُوْلَـئِكَ هُمُ الظَّالِمُونَ (٩٤)

پھر جو کوئی باندھے اللہ پر جھوٹ اس کے بعد تو وہی ہیں بے انصاف (ظالم)۔

قُلْ صَدَقَ اللّهُ فَاتَّبِعُواْ مِلَّةَ إِبْرَاهِيمَ حَنِيفًا وَمَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِينَ (٩٥)

تو کہہ سچ فرمایا اللہ نے، اب تابع ہو جاؤ دین ابراہیم کے، جو ایک طرف کا تھا۔ اور نہ تھا شرک کرنے والا۔

إِنَّ أَوَّلَ بَيْتٍ وُضِعَ لِلنَّاسِ لَلَّذِي بِبَكَّةَ مُبَارَكًا وَهُدًى لِّلْعَالَمِينَ (٩٦)

تحقیق پہلا گھر (عبادت گاہ) جو ٹھہرا لوگوں کے واسطے، یہی ہے جو مکّہ میں ہے، برکت والا اور نیک راہ جہان کے لوگوں کو۔

فِيهِ آيَاتٌ بَيِّـنَاتٌ مَّقَامُ إِبْرَاهِيمَ وَمَن دَخَلَهُ كَانَ آمِنًا

اس میں نشانیاں ظاہر ہیں، کھڑے ہونے کی جگہ (مقام) ابراہیم کی۔ اور جو اسکے اندر آیا اسکو امن ملا۔

وَلِلّهِ عَلَى النَّاسِ حِجُّ الْبَيْتِ مَنِ اسْتَطَاعَ إِلَيْهِ سَبِيلاً

اور اللہ کا حق ہے لوگوں پر حج کرنا اس گھر کا، جو کوئی پائے اس تک راہ۔

وَمَن كَفَرَ فَإِنَّ الله غَنِيٌّ عَنِ الْعَالَمِينَ(۹۷)

اور جو کوئی منکر ہوا، تو اللہ پرواہ نہیں رکھتا جہان کے لوگوں کی ۔

قُلْ يَا أَهْلَ الْكِتَابِ لِمَ تَكْفُرُونَ بِآيَاتِ اللّهِ

تُو کہہ اے اہل کتاب ! کیوں منکر ہوتے ہو اللہ کے کلام سے؟

وَاللّهُ شَهِيدٌ عَلَى مَا تَعْمَلُونَ (۹۸)

اور اللہ کے روبرو ہے جو کرتے ہو۔

قُلْ يَا أَهْلَ الْكِتَابِ لِمَ تَصُدُّونَ عَن سَبِيلِ اللّهِ مَنْ آمَنَ تَبْغُونَهَا عِوَجًا وَأَنتُمْ شُهَدَاء

تو کہہ اے اہل کتاب ! کیوں روکتے ہو اللہ کی راہ سے ایمان لانے والے کو، ڈھونڈتے ہو اس میں عیب، اور تم خبر رکھتے ہو۔

وَمَا اللّهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُونَ(۹۹)

اور اللہ بے خبر نہیں تمہارے کام سے ۔

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوَاْ إِن تُطِيعُواْ فَرِيقًا مِّنَ الَّذِينَ أُوتُواْ الْكِتَابَ يَرُدُّوكُم بَعْدَ إِيمَانِكُمْ كَافِرِينَ(۱۰۰)

اے ایمان والو! اگر تم مانو گے بعضے اہل کتاب کی بات تو پھر کر دیں گے تم کو ایمان لائے پیچھے منکر۔

وَكَيْفَ تَكْفُرُونَ وَأَنتُمْ تُتْلَى عَلَيْكُمْ آيَاتُ اللّهِ وَفِيكُمْ رَسُولُهُ

اور تم کس طرح منکر ہو؟ اور تم پر پڑی جاتی ہیں آیتیں اللہ کی، اور تم میں اسکا رسول ہے ۔

وَمَن يَعْتَصِم بِاللّهِ فَقَدْ هُدِيَ إِلَى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيمٍ(۱۰۱)

اور جو کوئی مضبوط پکڑے اللہ کو، وہ پہنچا سیدھی راہ پر۔

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُواْ اتَّقُواْ اللّهَ حَقَّ تُقَاتِهِ

اے ایمان والو! ڈرتے رہو اللہ سے جیسا چاہیئے اس سے ڈرنا ۔

وَلاَ تَمُوتُنَّ إِلاَّ وَأَنتُم مُّسْلِمُونَ (۱۰۲)

اور نہ مریو مگر مسلمان ۔

وَاعْتَصِمُواْ بِحَبْلِ اللّهِ جَمِيعًا وَلاَ تَفَرَّقُواْ

اور مضبوط پکڑو رسی اللہ کی سب مل کر اور پھوٹ نہ ڈالو۔

وَاذْكُرُواْ نِعْمَةَ اللّهِ عَلَيْكُمْ إِذْ كُنتُمْ أَعْدَاء

اور یاد کرو احسان اللہ کا اپنے اوپر، جب تھے تم آپس میں دشمن ۔

فَأَلَّفَ بَيْنَ قُلُوبِكُمْ فَأَصْبَحْتُم بِنِعْمَتِهِ إِخْوَانًا

پھر اُلفت دی تمہارے دلوں میں، اب ہوگئے اس کے فضل سے بھائی ۔

وَكُنتُمْ عَلَىَ شَفَا حُفْرَةٍ مِّنَ النَّارِ فَأَنقَذَكُم مِّنْهَا

اور تم تھے کنارے پر ایک آگ کے گڑھے کے، پھر تم کو اس سے خلاص کیا (بچایا) ۔

كَذَلِكَ يُبَيِّنُ اللّهُ لَكُمْ آيَاتِهِ لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُونَ(١٠٣)

اسی طرح کھولتا ہے اللہ تم پر نشانیاں اپنی، شاید تم راہ پاؤ ۔

وَلْتَكُن مِّنكُمْ أُمَّةٌ يَدْعُونَ إِلَى الْخَيْرِ وَيَأْمُرُونَ بِالْمَعْرُوفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنكَرِ

اور چاہیئے کہ رہیں تم میں، ایک جماعت بلاتے نیک کام پر اور حکم کرتے پسند بات کو اور منع کرتے ناپسند کو ۔

وَأُوْلَـئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُونَ(١٠٤)

اور وہی پہنچے مراد کو ۔

وَلاَ تَكُونُواْ كَالَّذِينَ تَفَرَّقُواْ وَاخْتَلَفُواْ مِن بَعْدِ مَا جَاءهُمُ الْبَيِّنَاتُ

اور مت ہو انکی طرح جو پھوٹ گئے اور اختلاف کرنے لگے بعد اسکے کہ پہنچ چکے انکو حکم صاف ۔

وَأُوْلَـئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ عَظِيمٌ(١٠٥)

اور انکو بڑا عذاب ہے ۔

يَوْمَ تَبْيَضُّ وُجُوهٌ وَتَسْوَدُّ وُجُوهٌ

جس دن سفید ہوں گے بعضے منہ اور سیاہ ہوں گے بعضے منہ،

فَأَمَّا الَّذِينَ اسْوَدَّتْ وُجُوهُهُمْ أَكْفَرْتُم بَعْدَ إِيمَانِكُمْ

سو وہ جو سیاہ ہوئے منہ اُن کے آیا تم کافر ہوگئے ایمان میں آکر،

فَذُوقُواْ الْعَذَابَ بِمَا كُنْتُمْ تَكْفُرُونَ(١٠٦)

اب چکھو عذاب بدلہ اس کفر کرنے کا ۔

وَأَمَّا الَّذِينَ ابْيَضَّتْ وُجُوهُهُمْ فَفِي رَحْمَةِ اللّهِ هُمْ فِيهَا خَالِدُونَ (١٠٧)
اور وہ جو سفید ہوئے منہ ان کے سو رحمت میں ہیں اللہ کی، وہ اس میں رہ پڑے۔

تِلْكَ آيَاتُ اللّهِ نَتْلُوهَا عَلَيْكَ بِالْحَقِّ وَمَا اللّهُ يُرِيدُ ظُلْمًا لِّلْعَالَمِينَ (١٠٨)
یہ حکم ہیں اللہ کے، ہم سناتے ہیں تجھ کو تحقیق۔ اور اللہ ظلم نہیں چاہتا جہان والوں پر۔

وَلِلّهِ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي الأَرْضِ وَإِلَى اللّهِ تُرْجَعُ الأُمُورُ (١٠٩)
اور اللہ کا مال ہے جو کچھ ہے آسمان اور زمین میں۔ اور اللہ تک رجوع ہے ہر کام کی۔

كُنتُمْ خَيْرَ أُمَّةٍ أُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ
تم ہو بہتر سب اُمتوں سے جو پیدا ہوئے ہیں لوگوں میں،

تَأْمُرُونَ بِالْمَعْرُوفِ وَتَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنكَرِ وَتُؤْمِنُونَ بِاللّهِ
حکم کرتے ہو پسند بات پر، اور منع کرتے ہو ناپسند سے، اور ایمان لاتے ہو اللہ پر۔

وَلَوْ آمَنَ أَهْلُ الْكِتَابِ لَكَانَ خَيْرًا لَّهُم
اور اگر ایمان میں آتے اہل کتاب تو اُن کو بہتر تھا۔

مِّنْهُمُ الْمُؤْمِنُونَ وَأَكْثَرُهُمُ الْفَاسِقُونَ (١١٠)
کوئی ہیں ان میں ایمان پر، اور اکثر وہ بے حکم ہیں۔

لَن يَضُرُّوكُمْ إِلاَّ أَذًى وَإِن يُقَاتِلُوكُمْ يُوَلُّوكُمُ الأَدُبَارَ ثُمَّ لاَ يُنصَرُونَ (١١١)
وہ تمہارا کچھ نہ بگاڑیں گے مگر ستانا۔ اور اگر تم سے لڑیں گے تو تم سے پیٹھ دیں گے۔ پھر انکو مدد نہ ہوگی۔

ضُرِبَتْ عَلَيْهِمُ الذِّلَّةُ أَيْنَ مَا ثُقِفُواْ إِلاَّ بِحَبْلٍ مِّنْ اللّهِ وَحَبْلٍ مِّنَ النَّاسِ
ماری گئی ہے ان پر ذلت، جہاں دیکھئے سوائے دست آویز (پناہ میں) اللہ کے اور دست آویز (پناہ میں) لوگوں کے،

وَبَآؤُوا بِغَضَبٍ مِّنَ اللّهِ وَضُرِبَتْ عَلَيْهِمُ الْمَسْكَنَةُ
اور کما لائے غصہ اللہ کا اور ماری ہے ان پر محتاجی۔

ذَلِكَ بِأَنَّهُمْ كَانُواْ يَكْفُرُونَ بِآيَاتِ اللّهِ وَيَقْتُلُونَ الأَنبِيَاء بِغَيْرِ حَقٍّ
یہ اس واسطے کہ وہ رہے ہیں منکر اللہ کی آیتوں سے اور مارتے ہیں نبیوں کو ناحق۔

ذَلِكَ بِمَا عَصَوا وَّكَانُواْ يَعْتَدُونَ(١١٢)

یہ اس سے کہ وہ بے حکم ہیں اور حد سے بڑھتے ہیں ۔

لَيْسُواْ سَوَاء مِّنْ أَهْلِ الْكِتَابِ أُمَّةٌ قَآئِمَةٌ

وہ سب برابر نہیں، اہل کتاب میں ایک فرقہ ہے سیدھی راہ پر،

يَتْلُونَ آيَاتِ اللّهِ آنَاء اللَّيْلِ وَهُمْ يَسْجُدُونَ(١١٣)

پڑھتے ہیں آیتیں اللہ کی راتوں کے وقت، اور وہ سجدہ کرتے ہیں ۔

يُؤْمِنُونَ بِاللّهِ وَالْيَوْمِ الآخِرِ

یقین لاتے ہیں اللہ پر اور پچھلے دن (آخرت) پر،

وَيَأْمُرُونَ بِالْمَعْرُوفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنكَرِ وَيُسَارِعُونَ فِي الْخَيْرَاتِ

اور حکم کرتے ہیں پسند (نیک) بات کو اور منع کرتے ہیں ناپسند (برے کام) سے اور دوڑتے ہیں نیک کاموں پر ۔

وَأُوْلَـئِكَ مِنَ الصَّالِحِينَ(١١٤)

اور وہ لوگ نیک بختوں میں ہیں ۔

وَمَا يَفْعَلُواْ مِنْ خَيْرٍ فَلَن يُكْفَرُوْهُ وَاللّهُ عَلِيمٌ بِالْمُتَّقِينَ (١١٥)

اور جو کریں گے نیک کام، سو نا قبول نہ ہوگا ۔ اور اللہ کو خبر ہے پرہیزگاروں کی ۔

إِنَّ الَّذِينَ كَفَرُواْ لَن تُغْنِيَ عَنْهُمْ أَمْوَالُهُمْ وَلاَ أَوْلاَدُهُم مِّنَ اللّهِ شَيْئًا

اور وہ لوگ جو منکر ہیں انکو کام نہ آئیں گے اُنکے مال اور نہ اولاد اللہ کے آگے کچھ ۔

وَأُوْلَـئِكَ أَصْحَابُ النَّارِ هُمْ فِيهَا خَالِدُونَ(١١٦)

اور وہ دوزخ کے لوگ ہیں، وہ اس میں رہ پڑے ۔

مَثَلُ مَا يُنفِقُونَ فِي هِـذِهِ الْحَيَاةِ الدُّنْيَا كَمَثَلِ رِيحٍ

جو کچھ خرچ کرتے ہیں اس دنیا کی زندگی میں اسکی مثال جیسے ایک باؤ (ہوا)،

فِيهَا صِرٌّ أَصَابَتْ حَرْثَ قَوْمٍ ظَلَمُواْ أَنفُسَهُمْ فَأَهْلَكَتْهُ

اس میں پالا (سردی)، وہ مار گئی کھیتی ایک لوگوں کی جنہوں نے اپنے حق میں برا کیا تھا، پھر اسکو نابود کر گئی،

وَمَا ظَلَمَهُمُ اللّهُ وَلَـكِنْ أَنفُسَهُمْ يَظْلِمُونَ(۱۱۷)

اور اللہ نے ان پر ظلم نہیں کیا، پر اپنے اوپر ظلم کرتے ہیں۔

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُواْ لاَ تَتَّخِذُواْ بِطَانَةً مِّن دُونِكُمْ لاَ يَأْلُونَكُمْ خَبَالاً

اے ایمان والو! نہ ٹھہراؤ بھیدی اپنے غیر کو، وہ کمی نہیں کرتے تمہاری خرابی میں۔

وَدُّواْ مَا عَنِتُّمْ قَدْ بَدَتِ الْبَغْضَاء مِنْ أَفْوَاهِهِمْ

انکی خوشی ہے تم جس قدر تکلیف پاؤ، نکلی پڑتی ہے دشمنی اُن کی زبان سے۔

وَمَا تُخْفِي صُدُورُهُمْ أَكْبَرُ

اور جو چھپا ہے انکے جی (سینے) میں سو اس سے زیادہ،

قَدْ بَيَّنَّا لَكُمُ الآيَاتِ إِن كُنتُمْ تَعْقِلُونَ(۱۱۸)

ہم نے جتا (بتا) دیئے تم کو پتے (نشانیاں)، اگر تم کو عقل ہے۔

هَاأَنتُمْ أُوْلاء تُحِبُّونَهُمْ وَلاَ يُحِبُّونَكُمْ وَتُؤْمِنُونَ بِالْكِتَابِ كُلِّهِ

سنتے ہو؟ تم لوگ اُنکے دوست ہو اور وہ تمہارے دوست نہیں، اور تم سب کتابوں کو مانتے ہو۔

وَإِذَا لَقُوكُمْ قَالُواْ آمَنَّا وَإِذَا خَلَوْاْ عَضُّواْ عَلَيْكُمُ الأَنَامِلَ مِنَ الْغَيْظِ

اور جب تم سے ملتے ہیں کہتے ہیں ہم مسلمان ہیں۔ اور جب اکیلے ہوتے ہیں کاٹ کاٹ کھاتے ہیں تم پر انگلیاں دشمنی سے۔

قُلْ مُوتُواْ بِغَيْظِكُمْ

تُو کہہ، مرو تم اپنی دشمنی میں۔

إِنَّ اللّهَ عَلِيمٌ بِذَاتِ الصُّدُورِ(۱۱۹)

اللہ کو معلوم ہے جیوں (سینوں) کی بات۔

إِن تَمْسَسْكُمْ حَسَنَةٌ تَسُؤْهُمْ وَإِن تُصِبْكُمْ سَيِّئَةٌ يَفْرَحُواْ بِهَا

اگر تم کو ملے کچھ بھلائی بُری لگے انکو اور اگر تم پر پہنچے برائی خوش ہوں اس سے۔

وَإِن تَصْبِرُواْ وَتَتَّقُواْ لاَ يَضُرُّكُمْ كَيْدُهُمْ شَيْئًا

اور اگر تم ٹھہرے رہو اور بچتے رہو کچھ نہ بگڑے گا تمہارا انکے فریب سے،

إِنَّ اللّهَ بِمَا يَعْمَلُونَ مُحِيطٌ (١٢٠)
جو کچھ وہ کرتے ہیں سب اللہ کے بس میں ہے ۔

وَإِذْ غَدَوْتَ مِنْ أَهْلِكَ تُبَوِّىءُ الْمُؤْمِنِينَ مَقَاعِدَ لِلْقِتَالِ
اور جب فجر (صبح سویرے) کو نکلا تو اپنے گھر سے بٹھانے لگا مسلمانوں کو لڑائی کے ٹھکانوں پر ۔

وَاللّهُ سَمِيعٌ عَلِيمٌ (١٢١)
اور اللہ سنتا جانتا ہے ۔

إِذْ هَمَّت طَّآئِفَتَانِ مِنكُمْ أَن تَفْشَلاَ وَاللّهُ وَلِيُّهُمَا
جب قصد کیا دو فرقوں نے تم میں کہ نامردی (بزدلی) کریں، اور (حالانکہ) اللہ مددگار تھا انکا ۔

وَعَلَى اللّهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُونَ (١٢٢)
اور اللہ ہی پر چاہیے بھروسا کریں مسلمان ۔

وَلَقَدْ نَصَرَكُمُ اللّهُ بِبَدْرٍ وَأَنتُمْ أَذِلَّةٌ
اور تمہاری مدد کر چکا ہے اللہ بدر کی جنگ میں، اور تم بے مقدور (کمزور) تھے ۔

فَاتَّقُواْ اللّهَ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُونَ (١٢٣)
سو ڈرتے رہو اللہ سے شاید تم احسان مانو ۔

إِذْ تَقُولُ لِلْمُؤْمِنِينَ أَلَن يَكْفِيكُمْ أَن يُمِدَّكُمْ رَبُّكُم
جب تُو کہنے لگا مسلمانوں کو، کیا تم کو کفایت نہیں کہ تمہاری مدد بھیجے رب تمہارا،

بِثَلاَثَةِ آلاَفٍ مِّنَ الْمَلآئِكَةِ مُنزَلِينَ (١٢٤)
تین ہزار فرشتے آسمان سے اترے (ہوئے) ۔

بَلَى إِن تَصْبِرُواْ وَتَتَّقُواْ وَيَأْتُوكُم مِّن فَوْرِهِمْ هَـذَا
البتہ اگر تم ٹھہرے (ثابت قدم) رہو اور پرہیز گاری کرو، اور وہ آئیں (دشمن) تم پاس اسی دم (اچانک)،

يُمْدِدْكُمْ رَبُّكُم بِخَمْسَةِ آلافٍ مِّنَ الْمَلآئِكَةِ مُسَوِّمِينَ(١٢٥)
تو مدد بھیجے تمہارا رب، پانچ ہزار فرشتے، پلے ہوئے گھوڑوں پر ۔

وَمَا جَعَلَهُ اللّهُ إِلاَّ بُشْرَى لَكُمْ وَلِتَطْمَئِنَّ قُلُوبُكُم بِهِ
اور یہ تو اللہ نے تمہارے دل کی خوشی کی اور تاتسکین ہو تمہارے دلوں کو ۔

وَمَا النَّصْرُ إِلاَّ مِنْ عِندِ اللّهِ الْعَزِيزِ الْحَكِيمِ(۱۲٦)

اور مدد ہے نری اللہ کے پاس سے جو زبردست ہے حکمت والا۔

لِيَقْطَعَ طَرَفًا مِّنَ الَّذِينَ كَفَرُواْ أَوْ يَكْبِتَهُمْ فَيَنقَلِبُواْ خَآئِبِينَ (۱۲۷)

(یہ مدد اس لئے تھی) تا کاٹ ڈالے بعضے کافروں کو، یا انکو ذلیل کرے کہ پھریں نامراد۔

لَيْسَ لَكَ مِنَ الأَمْرِ شَيْءٌ أَوْ يَتُوبَ عَلَيْهِمْ أَوْ يُعَذَّبَهُمْ فَإِنَّهُمْ ظَالِمُونَ (۱۲۸)

تیرا اختیار کچھ نہیں، (سارا اختیار اللہ پاس ہے) یا اُنکو توبہ دے یا انکو عذاب کرے، کہ وہ ناحق پر (ظالم) ہیں۔

وَلِلّهِ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي الأَرْضِ

اور اللہ کا مال ہے جو کچھ آسمان اور زمین میں ہے۔

يَغْفِرُ لِمَن يَشَاء وَيُعَذِّبُ مَن يَشَاء وَاللّهُ غَفُورٌ رَّحِيمٌ (۱۲۹)

بخشے جسکو چاہے اور عذاب کرے جسکو چاہے، اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُواْ لاَ تَأْكُلُواْ الرِّبَا أَضْعَافًا مُّضَاعَفَةً

اے ایمان والو! مت کھاؤ سود، دُونے پر دُونا،

وَاتَّقُواْ اللّهَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ (۱۳۰)

اور ڈرو اللہ سے، شاید تمہارا بھلا ہو۔

وَاتَّقُواْ النَّارَ الَّتِي أُعِدَّتْ لِلْكَافِرِينَ (۱۳۱)

اور بچو اس آگ سے جو تیار ہوئی کافروں کے واسطے۔

وَأَطِيعُواْ اللّهَ وَالرَّسُولَ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُونَ (۱۳۲)

اور حکم مانو اللہ کا اور رسول کا شاید تم پر رحم ہو۔

وَسَارِعُواْ إِلَى مَغْفِرَةٍ مِّن رَّبِّكُمْ وَجَنَّةٍ عَرْضُهَا السَّمَاوَاتُ وَالأَرْضُ أُعِدَّتْ لِلْمُتَّقِينَ (۱۳۳)

اور دوڑو بخشش پر اپنے رب کی اور جنت پر جس کا پھیلاؤ ہے آسمان اور زمین، تیار ہوئی ہے واسطے پرہیزگاروں کے۔

الَّذِينَ يُنفِقُونَ فِي السَّرَّاء وَالضَّرَّاء وَالْكَاظِمِينَ الْغَيْظَ وَالْعَافِينَ عَنِ النَّاسِ

جو خرچ کئے جاتے ہیں خوشی میں اور تکلیف میں، اور دبا لیتے ہیں غصہ، اور معاف کرتے ہیں لوگوں کو،

وَاللّهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِينَ(١٣٤)

اور اللہ چاہتا ہے نیکی والوں کو۔

وَالَّذِينَ إِذَا فَعَلُواْ فَاحِشَةً أَوْ ظَلَمُواْ أَنْفُسَهُمْ ذَكَرُواْ اللّهَ فَاسْتَغْفَرُواْ لِذُنُوبِهِمْ

اور وہ لوگ کہ جب کر بیٹھیں کچھ کھلا گناہ، یا بُرا کریں اپنے حق میں تو یاد کریں اللہ کو، اور بخشش مانگیں اپنے گناہوں کی۔

وَمَن يَغْفِرُ الذُّنُوبَ إِلاَّ اللّهُ

اور کون ہے گناہ بخشا سوا اللہ کے؟

وَلَمْ يُصِرُّواْ عَلَى مَا فَعَلُواْ وَهُمْ يَعْلَمُونَ(١٣٥)

اور اَڑ نہ رہیں اپنے کئے پر جانتے (ہوئے)۔

أُوْلَـئِكَ جَزَآؤُهُم مَّغْفِرَةٌ مِّن رَّبِّهِمْ

اُن کی جزا ہے بخشش انکے رب کی،

وَجَنَّاتٌ تَجْرِي مِن تَحْتِهَا الأَنْهَارُ خَالِدِينَ فِيهَا

اور باغ جنکے نیچے بہتی نہریں، رہ پڑے ان میں،

وَنِعْمَ أَجْرُ الْعَامِلِينَ(١٣٦)

اور خوب مزدوری ہے (نیک) کام کرنے والوں کی۔

قَدْ خَلَتْ مِن قَبْلِكُمْ سُنَنٌ فَسِيرُواْ فِي الأَرْضِ فَانْظُرُواْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُكَذَّبِينَ (١٣٧)

ہو (گزر) چکے ہیں تم سے آگے دستور (دور)، سو پھرو زمین میں تو دیکھو کیا ہوا آخر جھٹلانے والوں کا۔

هَـذَا بَيَانٌ لِّلنَّاسِ وَهُدًى وَمَوْعِظَةٌ لِّلْمُتَّقِينَ (١٣٨)

یہ بیان ہے لوگوں کے واسطے اور ہدایت اور نصیحت ڈر والوں کو۔

وَلاَ تَهِنُوا وَلاَ تَحْزَنُوا وَأَنتُمُ الأَعْلَوْنَ إِن كُنتُم مُّؤْمِنِينَ (١٣٩)

اور سست (دل شکستہ) نہ ہو اور نہ غم کھاؤ، اور تم ہی غالب رہو گے، اگر تم ایمان رکھتے ہو۔

إِن يَمْسَسْكُمْ قَرْحٌ فَقَدْ مَسَّ الْقَوْمَ قَرْحٌ مِّثْلُهُ

اگر تم نے زخم پایا تو وہ لوگ بھی پا چکے ہیں زخم ایسا ہی۔

وَتِلْكَ الأيَّامُ نُدَاوِلُهَا بَيْنَ النَّاسِ وَلِيَعْلَمَ اللّهُ الَّذِينَ آمَنُواْ وَيَتَّخِذَ مِنكُمْ شُهَدَاء

اور یہ دن بدلتے لاتے ہیں ہم لوگوں میں اور اس واسطے کہ معلوم کرے اللہ جنکو ایمان ہے، اور کرے بعضے تم میں شہید۔

وَاللّهُ لاَ يُحِبُّ الظَّالِمِينَ(١٤٠)

اور اللہ چاہتا نہیں ناحق والوں کو۔

وَلِيُمَحِّصَ اللّهُ الَّذِينَ آمَنُواْ وَيَمْحَقَ الْكَافِرِينَ (١٤١)

اور اس واسطے کہ نکھارے (چھانٹ لے) اللہ ایمان والوں کو اور مٹادے منکروں کو۔

أَمْ حَسِبْتُمْ أَن تَدْخُلُواْ الْجَنَّةَ

کیا تم کو خیال ہے کہ داخل ہو جاؤ گے جنت میں (یونہی)،

وَلَمَّا يَعْلَمِ اللّهُ الَّذِينَ جَاهَدُواْ مِنكُمْ وَيَعْلَمَ الصَّابِرِينَ (١٤٢)

اور ابھی معلوم نہیں کئے اللہ نے جولڑنے والے ہیں تم میں، اور معلوم کرے ثابت (قدم) رہنے والے۔

وَلَقَدْ كُنتُمْ تَمَنَّوْنَ الْمَوْتَ مِن قَبْلِ أَن تَلْقَوْهُ

اور تم تو آرزو کرتے تھے مرنے کی، اُس کی ملاقات سے پہلے۔

فَقَدْ رَأَيْتُمُوهُ وَأَنتُمْ تَنظُرُونَ (١٤٣)

سو اب دیکھا تم نے اسکو آنکھوں کے سامنے۔

وَمَا مُحَمَّدٌ إِلاَّ رَسُولٌ قَدْ خَلَتْ مِن قَبْلِهِ الرُّسُلُ

اور محمد تو ایک رسول ہے، ہو چکے پہلے اس سے بہت رسول۔

أَفَإِن مَّاتَ أَوْ قُتِلَ انقَلَبْتُمْ عَلَى أَعْقَابِكُمْ

پھر کیا اگر وہ مر گیا یا مارا گیا، تم پھر جاؤ گے اُلٹے پاؤں؟

وَمَن يَنقَلِبْ عَلَىَ عَقِبَيْهِ فَلَن يَضُرَّ اللّهَ شَيْئًا

اور جو کوئی پھر جائے گا الٹے پاؤں، وہ نہ بگاڑے گا اللہ کا کچھ۔

وَسَيَجْزِي اللّهُ الشَّاكِرِينَ(١٤٤)

اور اللہ ثواب دے گا بھلا ماننے والوں (شکرگزاروں) کو۔

وَمَا كَانَ لِنَفْسٍ أَنْ تَمُوتَ إِلاَّ بِإِذْنِ الله كِتَابًا مُّؤَجَّلاً

اور کوئی جی مر نہیں سکتا بغیر حکم اللہ کے، لکھا ہوا وعدہ (وقت معین)۔

وَمَن يُرِدْ ثَوَابَ الدُّنْيَا نُؤْتِهِ مِنْهَا وَمَن يُرِدْ ثَوَابَ الآخِرَةِ نُؤْتِهِ مِنْهَا

اورجوکوئی چاہے گا بدلہ دنیا کا، اس میں سے دیں گے اسکو اورجوکوئی چاہے گا بدلہ آخرت کا، اس میں سے دیں گے اسکو،

وَسَنَجْزِي الشَّاكِرِينَ(١٤٥)

اور ہم ثواب دیں گے احسان ماننے والوں کو۔

وَكَأَيِّن مِّن نَّبِيٍّ قَاتَلَ مَعَهُ رِبِّيُّونَ كَثِيرٌ

اور بہت نبی ہیں جن کے ساتھ ہوکر لڑے ہیں بہت خدا کے طالب۔

فَمَا وَهَنُواْ لِمَا أَصَابَهُمْ فِي سَبِيلِ اللّهِ وَمَا ضَعُفُواْ وَمَا اسْتَكَانُواْ

پھر نہ ہارے ہیں کچھ تکلیف پہنچنے سے اللہ کی راہ میں، اور نہ سست ہوئے ہیں، نہ دب گئے ہیں۔

وَاللّهُ يُحِبُّ الصَّابِرِينَ(١٤٦)

اور اللہ چاہتا ہے ثابت (قدم) رہنے والوں کو۔

وَمَا كَانَ قَوْلَهُمْ إِلاَّ أَن قَالُواْ

اور کچھ نہیں بولے مگر یہی کہا،

رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا ذُنُوبَنَا وَإِسْرَافَنَا فِي أَمْرِنَا

کہ اے رب ہمارے! بخش ہمارے گناہ اور جو ہم سے زیادتی ہوئی ہمارے کام میں،

وَثَبِّتْ أَقْدَامَنَا وانصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكَافِرِينَ (١٤٧)

اور ثابت رکھ ہمارے قدم اور مدد دے ہم کو منکر قوم پر۔

فَآتَاهُمُ اللّهُ ثَوَابَ الدُّنْيَا وَحُسْنَ ثَوَابِ الآخِرَةِ

پھر دیا اکو اللہ نے ثواب دنیا کا بھی اور خوب ثواب آخرت کا۔

وَاللّهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِينَ (١٤٨)

اور اللہ چاہتا (محبوب رکھتا) ہے نیکی (کرنے) والوں کو۔

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُواْ إِن تُطِيعُواْ الَّذِينَ كَفَرُواْ يَرُدُّوكُمْ عَلَى أَعْقَابِكُمْ فَتَنقَلِبُواْ خَاسِرِينَ (١٤٩)

اے ایمان والو! اگر تم کہا مانو گے منکروں کا، تو تم کو پھیر دیں گے اُلٹے پاؤں، پھر جا پڑو گے نقصان میں۔

بَلِ اللّهُ مَوْلاَكُمْ وَهُوَ خَيْرُ النَّاصِرِينَ (١٥٠)

بلکہ اللہ تمہارا مددگار ہے اور اسکی مدد سب سے بہتر (ہے)۔

سَنُلْقِي فِي قُلُوبِ الَّذِينَ كَفَرُواْ الرُّعْبَ بِمَا أَشْرَكُواْ بِاللّهِ مَا لَمْ يُنَزِّلْ بِهِ سُلْطَانًا

اب ڈالیں گے ہم کافروں کے دل میں ہیبت، اس واسطے کہ انہوں نے شریک ٹھہرایا اللہ کا جسکی اُسنے سند نہیں اتاری۔

وَمَأْوَاهُمُ النَّارُ وَبِئْسَ مَثْوَى الظَّالِمِينَ(١٥١)

اور انکا ٹھکانا دوزخ ہے، اور بُری بستی (بُرا ٹھکانا) بے انصافوں کی۔

وَلَقَدْ صَدَقَكُمُ اللّهُ وَعْدَهُ إِذْ تَحُسُّونَهُم بِإِذْنِهِ

اور اللہ تو سچ کر چکا تم سے اپنا وعدہ جب تم لگے انکو کاٹنے (قتل کرنے) اسکے حکم سے۔

حَتَّى إِذَا فَشِلْتُمْ وَتَنَازَعْتُمْ فِي الأَمْرِ وَعَصَيْتُم مِّن بَعْدِ مَا أَرَاكُم مَّا تُحِبُّونَ

جبتک کہ تم نے نامردی (ڈھیل) کی، اور کام میں جھگڑا ڈالا، اور بے حکمی کی، بعد اسکے تمکو دکھا چکا تمہاری خوشی کی (محبوب) چیز۔

مِنكُم مَّن يُرِيدُ الدُّنْيَا وَمِنكُم مَّن يُرِيدُ الآخِرَةَ

کوئی تم میں چاہتا تھا دنیا، اور کوئی تم میں چاہتا تھا آخرت۔

ثُمَّ صَرَفَكُمْ عَنْهُمْ لِيَبْتَلِيَكُمْ وَلَقَدْ عَفَا عَنكُمْ

پھر تم کو اُلٹ (پسپا کر) دیا اُن پر سے، اس واسطے کہ تم کو آزمائے۔ اور وہ تم کو معاف کر چکا۔

وَاللّهُ ذُو فَضْلٍ عَلَى الْمُؤْمِنِينَ (١٥٢)

اور اللہ فضل رکھتا ہے ایمان والوں پر۔

إِذْ تُصْعِدُونَ وَلاَ تَلْوُونَ عَلَى أحَدٍ وَالرَّسُولُ يَدْعُوكُمْ فِي أُخْرَاكُمْ

جب تم چڑھے (بھاگے) جاتے تھے اور پیچھے نہ دیکھتے تھے کسی کو، اور رسول پکارتا تھا تم کو پچھاڑی میں،

فَأَثَابَكُمْ غُمَّاً بِغَمٍّ لِّكَيْلاَ تَحْزَنُواْ عَلَى مَا فَاتَكُمْ وَلاَ مَا أَصَابَكُمْ

پھر تم کو تنگ کیا بدلہ تمہارے تنگ کرنے کا، تو غم نہ کھایا کرو جو ہاتھ سے (چھن) جائے اور جو سامنے آئے (مل جائے)۔

وَاللّهُ خَبِيرٌ بِمَا تَعْمَلُونَ(١٥٣)

اور اللہ کو خبر ہے تمہارے کام کی۔

ثُمَّ أَنزَلَ عَلَيْكُم مِّن بَعْدِ الْغَمِّ أَمَنَةً نُّعَاسًا يَغْشَى طَآئِفَةً مِّنكُمْ

پھر تم پر اتاری تنگی کے بعد اُونگھ، کہ گھیر رہی تھی تم میں بعضوں کو،

وَطَآئِفَةٌ قَدْ أَهَمَّتْهُمْ أَنفُسُهُمْ يَظُنُّونَ بِاللّهِ غَيْرَ الْحَقِّ ظَنَّ الْجَاهِلِيَّةِ

اور بعضوں کو فکر پڑا تھا اپنے جی (جان) کا، خیال کرتے تھے اللہ پر، جھوٹے خیال جاہلوں کے (سے)۔

يَقُولُونَ هَل لَّنَا مِنَ الأَمْرِ مِن شَيْءٍ

کہتے تھے (کیا) کچھ بھی کام ہے ہمارے ہاتھ؟

قُلْ إِنَّ الأَمْرَ كُلَّهُ لِلَّهِ يُخْفُونَ فِي أَنفُسِهِم مَّا لاَ يُبْدُونَ لَكَ

تو کہہ۔ سب کام ہے اللہ کے ہاتھ۔ اپنے جی میں چھپاتے ہیں جو تجھ سے ظاہر نہیں کرتے۔

يَقُولُونَ لَوْ كَانَ لَنَا مِنَ الأَمْرِ شَيْءٌ مَّا قُتِلْنَا هَاهُنَا

کہتے ہیں اگر کچھ کام ہوتا ہمارے ہاتھ تو ہم مارے نہ جاتے اس جگہ۔

قُل لَّوْ كُنتُمْ فِي بُيُوتِكُمْ لَبَرَزَ الَّذِينَ كُتِبَ عَلَيْهِمُ الْقَتْلُ إِلَى مَضَاجِعِهِمْ

تو کہہ اگر تم ہوتے اپنے گھروں میں البتہ باہر نکلتے جن پر لکھا تھا مارے جانا اپنے پڑاؤ پر۔

وَلِيَبْتَلِيَ اللّهُ مَا فِي صُدُورِكُمْ وَلِيُمَحَّصَ مَا فِي قُلُوبِكُمْ

اور اللہ کو آزمانا تھا جو کچھ تمہارے جی میں ہے، اور نکھارنا تھا جو کچھ تمہارے دل میں ہے،

وَاللّهُ عَلِيمٌ بِذَاتِ الصُّدُورِ(١٥٤)

اور اللہ کو معلوم ہے جی (دل) کی بات۔

إِنَّ الَّذِينَ تَوَلَّوْاْ مِنكُمْ يَوْمَ الْتَقَى الْجَمْعَانِ إِنَّمَا اسْتَزَلَّهُمُ الشَّيْطَانُ بِبَعْضِ مَا كَسَبُواْ

جو لوگ تم میں ہٹ گئے جس دن بھڑیں دو فوجیں، سو انکو ڈگا (ڈگمگا) دیا شیطان نے کچھ انکے گناہ کی شامت سے۔

وَلَقَدْ عَفَا اللّهُ عَنْهُمْ إِنَّ اللّهَ غَفُورٌ حَلِيمٌ(١٥٥)

اور انکو بخش چکا اللہ بیشک اللہ بخشنے والا ہے تحمل رکھتا۔

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُواْ لاَ تَكُونُواْ كَالَّذِينَ كَفَرُواْ

اے ایمان والو! تم نہ ہو ان کی طرح جو منکر ہوئے،

وَقَالُواْ لإِخْوَانِهِمْ إِذَا ضَرَبُواْ فِي الأَرْضِ أَوْ كَانُواْ غُزًّى لَّوْ كَانُواْ عِندَنَا مَا مَاتُواْ وَمَا قُتِلُواْ

اور کہتے ہیں اپنے بھائیوں کو جب سفر کو نکلیں ملک میں یا ہوں جہاد میں، کہ اگر رہتے ہم پاس نہ مرتے اور نہ مارے جاتے۔

لِيَجْعَلَ اللّهُ ذَلِكَ حَسْرَةً فِي قُلُوبِهِمْ

اور اللہ اس سے ڈالے افسوس (حسرت) انکے دل میں۔

وَاللّهُ يُحْيِـي وَيُمِيتُ وَاللّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ بَصِيرٌ(١٥٦)

اور اللہ ہے جلاتا (زندہ رکھتا) اور مارتا۔ اور اللہ تمہارے کام دیکھتا ہے۔

وَلَئِن قُتِلْتُمْ فِي سَبِيلِ اللّهِ أَوْ مُتُّمْ لَمَغْفِرَةٌ مِّنَ اللّهِ وَرَحْمَةٌ خَيْرٌ مِّمَّا يَجْمَعُونَ (١٥٧)

اور اگر تم مارے گئے اللہ کی راہ میں یا مر گئے تو بخشش اللہ کی اور مہربانی بہتر ہے اس (چیز) سے جو جمع کرتے ہیں۔

وَلَئِن مُّتُّمْ أَوْ قُتِلْتُمْ لإِلَى الله تُحْشَرُونَ (١٥٨)

اور اگر تم مر گئے یا مارے گئے، اللہ ہی پاس اکھٹے ہو گے۔

فَبِمَا رَحْمَةٍ مِّنَ اللّهِ لِنتَ لَهُمْ

سو کچھ اللہ کی مہر (رحمت) ہے، جو تُو نرم دل ملا انکو۔

وَلَوْ كُنتَ فَظًّا غَلِيظَ الْقَلْبِ لاَنفَضُّواْ مِنْ حَوْلِكَ

اور اگر تُو ہوتا سخت گو (مزاج) اور سخت دل تو منتشر ہو جاتے تیرے گرد سے۔

فَاعْفُ عَنْهُمْ وَاسْتَغْفِرْ لَهُمْ وَشَاوِرْهُمْ فِي الأَمْرِ

سو تُو اُن کو معاف کر، اور انکے واسطے بخشش مانگ اور ان سے مشورت لے کام میں۔

فَإِذَا عَزَمْتَ فَتَوَكَّلْ عَلَى اللّهِ إِنَّ اللّهَ يُحِبُّ الْمُتَوَكِّلِينَ (١٥٩)

پھر جب ٹھہر (پختہ فیصلہ کر) چکا تو بھروسا کر اللہ پر۔ اللہ چاہتا ہے توکل والوں کو۔

إِن يَنصُرْكُمُ اللّهُ فَلاَ غَالِبَ لَكُمْ

اگر اللہ تم کو مدد کرے گا تو کوئی تم پر غالب نہ ہو گا۔

وَإِن يَخْذُلْكُمْ فَمَن ذَا الَّذِي يَنصُرُكُم مِّن بَعْدِهِ

اور جو وہ تم کو چھوڑ دے گا پھر کون ہے کہ تمہاری مدد کرے گا اسکے بعد۔

وَعَلَى اللّهِ فَلْيَتَوَكِّلِ الْمُؤْمِنُونَ(١٦٠)

اور اللہ پر بھروسا (کرنا) چاہیئے مسلمانوں کو۔

وَمَا كَانَ لِنَبِيٍّ أَن يَغُلَّ وَمَن يَغْلُلْ يَأْتِ بِمَا غَلَّ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

اور نبی کا کام نہیں کہ کچھ چھپا رکھے، اور جو کوئی چھپائے گا وہ لائے گا اپنا چھپایا دن قیامت کے۔

ثُمَّ تُوَفَّى كُلُّ نَفْسٍ مَّا كَسَبَتْ وَهُمْ لاَ يُظْلَمُونَ(١٦١)

پھر پورا پائے گا ہر کوئی اپنا کمایا، اور اُن پر ظلم نہ ہوگا۔

أَفَمَنِ اتَّبَعَ رِضْوَانَ اللّهِ كَمَن بَاء بِسَخْطٍ مِّنَ اللّهِ وَمَأْوَاهُ جَهَنَّمُ وَبِئْسَ الْمَصِيرُ (١٦٢)

کیا ایک شخص جو تابع ہے اللہ کی مرضی کا، برابر ہے اسکے جو کمالایا غصہ اللہ کا اور اسکا ٹھکانا دوزخ۔ اور کیا بُری جگہ پہنچا۔

هُمْ دَرَجَاتٌ عِندَ اللّهِ واللّهُ بَصِيرٌ بِمَا يَعْمَلُونَ (١٦٣)

لوگ کئی درجے ہیں اللہ کے ہاں۔ اور اللہ دیکھتا ہے جو کرتے ہیں۔

لَقَدْ مَنَّ اللّهُ عَلَى الْمُؤمِنِينَ إِذْ بَعَثَ فِيهِمْ رَسُولاً مِّنْ أَنفُسِهِمْ

اللہ نے احسان کیا ایمان والوں پر، جو بھیجا ان میں رسول انہی میں کا،

يَتْلُو عَلَيْهِمْ آيَاتِهِ وَيُزَكِّيهِمْ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتَابَ وَالْحِكْمَةَ

پڑھتا ہے اُن پر آیتیں اس کی اور سنوارتا ہے انکو، اور سکھاتا ہے انکو کتاب اور کام کی بات (حکمت)۔

وَإِن كَانُواْ مِن قَبْلُ لَفِي ضَلالٍ مُّبِينٍ(١٦٤)

اور وہ تو پہلے سے صریح (بالکل) گمراہ تھے۔

أَوَلَمَّا أَصَابَتْكُم مُّصِيبَةٌ قَدْ أَصَبْتُم مِّثْلَيْهَا قُلْتُمْ أَنَّى هَذَا

کیا جس وقت تم کو پہنچی ایک تکلیف، کہ تم پہنچا چکے ہو (دشمنوں کو) اسکے دوبرابر (دونا)، کہتے ہو یہ کہاں سے آئی؟

قُلْ هُوَ مِنْ عِندِ أَنْفُسِكُمْ إِنَّ اللّهَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ(١٦٥)

تو کہہ، یہ آئی تم کو اپنی (ہی) طرف سے۔ اللہ ہر چیز پر قادر ہے۔

وَمَا أَصَابَكُمْ يَوْمَ الْتَقَى الْجَمْعَانِ فَبِإِذْنِ اللّهِ وَلِيَعْلَمَ الْمُؤْمِنِينَ (١٦٦)

اور جو کچھ تم کو سامنے آیا (نقصان پہنچا) جس دن بھڑیں دونوں فوجیں، سو اللہ کے حکم سے، اور اسواسطے کہ معلوم کرے ایمان والوں کو۔

وَلْيَعْلَمَ الَّذِينَ نَافَقُواْ

اور تا (کہ) معلوم کرے انکو جو منافق تھے۔

وَقِيلَ لَهُمْ تَعَالَوْاْ قَاتِلُواْ فِي سَبِيلِ اللّهِ أَوِ ادْفَعُواْ

اور کہا اُنکو کہ آؤ لڑو اللہ کی راہ میں یا دفع کرو دشمن،

قَالُواْ لَوْ نَعْلَمُ قِتَالاً لاَّتَّبَعْنَاكُمْ

بولے، (اگر) ہم کو معلوم ہو لڑائی تو تمہارا ساتھ کریں (چلتے)۔

هُمْ لِلْكُفْرِ يَوْمَئِذٍ أَقْرَبُ مِنْهُمْ لِلإِيمَانِ

وہ لوگ اس دن کفر کی طرف نزدیک ہیں ایمان سے۔

يَقُولُونَ بِأَفْوَاهِهِم مَّا لَيْسَ فِي قُلُوبِهِمْ وَاللّهُ أَعْلَمُ بِمَا يَكْتُمُونَ(١٦٧)

کہتے ہیں اپنے منہ سے جو نہیں ان کے دل میں۔ اور اللہ خوب جانتا ہے جو چھپاتے ہیں۔

الَّذِينَ قَالُواْ لإِخْوَانِهِمْ وَقَعَدُواْ لَوْ أَطَاعُونَا مَا قُتِلُوا

وہ جو کہتے ہیں اپنے بھائیوں کو اور آپ بیٹھ رہے ہیں (گھروں میں)، اگر وہ ہماری بات مانتے تو مارے نہ جاتے،

قُلْ فَادْرَؤُوا عَنْ أَنفُسِكُمُ الْمَوْتَ إِن كُنتُمْ صَادِقِينَ(١٦٨)

تو کہہ اب ہٹا (کر دکھا) دے جو اپنے اوپر سے موت، اگر تم سچے ہو۔

وَلاَ تَحْسَبَنَّ الَّذِينَ قُتِلُواْ فِي سَبِيلِ اللّهِ أَمْوَاتًا بَلْ أَحْيَاء عِندَ رَبِّهِمْ يُرْزَقُونَ (١٦٩)

اور تو نہ سمجھ، جو لوگ مارے گئے اللہ کی راہ میں، مُردے۔ بلکہ زندہ ہیں اپنے رب کے پاس روزی پاتے۔

فَرِحِينَ بِمَا آتَاهُمُ اللّهُ مِن فَضْلِهِ

خوشی کرتے ہیں اس پر جو دیا انکو اللہ نے اپنے فضل سے،

وَيَسْتَبْشِرُونَ بِالَّذِينَ لَمْ يَلْحَقُواْ بِهِم مِّنْ خَلْفِهِمْ

اور خوش وقت (مطمئن) ہوتے ہیں انکی طرف سے جو ابھی نہیں پہنچے اُن میں پیچھے سے۔

أَلاَّ خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلاَ هُمْ يَحْزَنُونَ(١٧٠)

اس واسطے کہ نہ ڈر ہے اُن پر، نہ اُنکو غم ہے۔

يَسْتَبْشِرُونَ بِنِعْمَةٍ مِّنَ اللّهِ وَفَضْلٍ

خوش وقت (مطمئن) ہوتے ہیں اللہ کی نعمت اور فضل سے،

وَأَنَّ اللّهَ لاَ يُضِيعُ أَجْرَ الْمُؤْمِنِينَ (١٧١)

اور اس سے کہ اللہ ضائع نہیں کرتا مزدوری (اجر) ایمان والوں کی۔

الَّذِينَ اسْتَجَابُواْ لِلّهِ وَالرَّسُولِ مِن بَعْدِ مَآ أَصَابَهُمُ الْقَرْحُ

جن لوگوں نے حکم مانا اللہ کا اور رسول کا، بعد اسکے کہ اُن میں پڑ چکا تھا گھاؤ (زخم)۔

لِلَّذِينَ أَحْسَنُواْ مِنْهُمْ وَاتَّقَواْ أَجْرٌ عَظِيمٌ (١٧٢)

جو ان میں نیک ہیں اور پرہیزگار ان کو ثواب بڑا ہے۔

الَّذِينَ قَالَ لَهُمُ النَّاسُ إِنَّ النَّاسَ قَدْ جَمَعُواْ لَكُمْ فَاخْشَوْهُمْ فَزَادَهُمْ إِيمَاناً

جنکو کہا لوگوں نے کہ انہوں نے جمع کیا (بہت) اسباب تمہارے مقابلے کو، سو تم انسے خطرہ (ڈرو) کرو، پھر انکو زیادہ آیا ایمان۔

وَقَالُواْ حَسْبُنَا اللّهُ وَنِعْمَ الْوَكِيلُ (١٧٣)

اور بولے بس ہے ہم کو اللہ اور کیا خوب کارساز ہے۔

فَانقَلَبُواْ بِنِعْمَةٍ مِّنَ اللّهِ وَفَضْلٍ لَّمْ يَمْسَسْهُمْ سُوءٌ وَاتَّبَعُواْ رِضْوَانَ اللّهِ

پھر چلے آئے، اللہ کے احسان سے اور فضل سے کچھ نہ پہنچی بُرائی، اور چلے اللہ کی رضا پر،

وَاللّهُ ذُو فَضْلٍ عَظِيمٍ (١٧٤)

اور اللہ کا فضل بڑا ہے۔

إِنَّمَا ذَلِكُمُ الشَّيْطَانُ يُخَوِّفُ أَوْلِيَاءهُ فَلاَ تَخَافُوهُمْ

یہ جو ہے سو شیطان ہے کہ ڈراتا ہے اپنے دوستوں سے، سو تم ان سے مت ڈرو،

وَخَافُونِ إِن كُنتُم مُّؤْمِنِينَ (١٧٥)

اور مجھ سے ڈرو اگر ایمان رکھتے ہو۔

وَلاَ يَحْزُنكَ الَّذِينَ يُسَارِعُونَ فِي الْكُفْرِ إِنَّهُمْ لَن يَضُرُّواْ اللّهَ شَيْئاً

اور تجھ کو غم نہ آئے ان لوگوں سے جو دوڑ کر لگتے ہیں کفر کرنے۔ وہ نہ بگاڑیں گے اللہ کا کچھ۔

يُرِيدُ اللّهُ أَلاَّ يَجْعَلَ لَهُمْ حَظًّا فِي الآخِرَةِ وَلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيمٌ(١٧٦)

اللہ چاہتا ہے کہ انکو فائدہ نہ دے آخرت میں۔ اور ان کو بڑی مار (عذاب عظیم) ہے۔

إِنَّ الَّذِينَ اشْتَرَوُاْ الْكُفْرَ بِالإِيمَانِ لَن يَضُرُّواْ اللّهَ شَيْئًا وَلهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ (١٧٧)

جنہوں نے خرید کیا کفر ایمان کے بدلے، وہ نہ بگاڑیں گے اللہ کا کچھ، اور انکو دکھ کی مار (دردناک عذاب) ہے۔

وَلاَ يَحْسَبَنَّ الَّذِينَ كَفَرُواْ أَنَّمَا نُمْلِي لَهُمْ خَيْرٌ لِّأَنفُسِهِمْ

اور یہ نہ سمجھیں منکر کہ ہم جو فرصت دیتے ہیں انکو، کچھ بھلا ہے اُنکے حق میں۔

إِنَّمَا نُمْلِي لَهُمْ لِيَزْدَادُواْ إِثْمًا وَلَهْمُ عَذَابٌ مُّهِينٌ(١٧٨)

ہم تو فرصت دیتے ہیں ان کو تا بڑھے جائیں گناہ میں، اور ان کو ذلت کی مار ہے۔

مَّا كَانَ اللّهُ لِيَذَرَ الْمُؤْمِنِينَ عَلَى مَآ أَنتُمْ عَلَيْهِ حَتَّىَ يَمِيزَ الْخَبِيثَ مِنَ الطَّيِّبِ

اللہ وہ نہیں کہ چھوڑ دے گا مسلمانوں کو جس طرح (حالت) پر تم ہو، جب تک جدا نہ کرے ناپاک کو پاک سے۔

وَمَا كَانَ اللّهُ لِيُطْلِعَكُمْ عَلَى الْغَيْبِ وَلَكِنَّ اللّهَ يَجْتَبِي مِن رُّسُلِهِ مَن يَشَاء

اور اللہ یوں نہیں کہ تم کو خبر دے غیب کی، اور لیکن اللہ چھانٹ لیتا ہے اپنے رسولوں میں جسکو چاہے۔

فَآمِنُواْ بِاللّهِ وَرُسُلِهِ

سو تم یقین لاؤ اللہ پر اور اس کے رسولوں پر،

وَإِن تُؤْمِنُواْ وَتَتَّقُواْ فَلَكُمْ أَجْرٌ عَظِيمٌ(١٧٩)

اور اگر تم یقین پر رہو اور پرہیزگاری پر تو تم کو بڑا ثواب ہے۔

وَلاَ يَحْسَبَنَّ الَّذِينَ يَبْخَلُونَ بِمَا آتَاهُمُ اللّهُ مِن فَضْلِهِ

اور نہ سمجھیں جو لوگ بخل کرتے ہیں ایک چیز پر کہ اللہ نے انکو دی ہے اپنے فضل سے،

هُوَ خَيْرًا لَّهُمْ بَلْ هُوَ شَرٌّ لَّهُمْ سَيُطَوَّقُونَ مَا بَخِلُواْ بِهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

کہ یہ (بخل) بہتر ہے اُنکے حق میں، بلکہ یہ بُرا ہے اُنکے واسطے، آگے طوق پڑے گا جس پر بخل کیا تھا، دن قیامت کے۔

وَلِلّهِ مِيرَاثُ السَّمَاوَاتِ وَالأَرْضِ وَاللّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ خَبِيرٌ(١٨٠)

اور اللہ وارث ہے آسمان اور زمین کا، اور اللہ جو کرتے ہو، سو جانتا ہے۔

لَّقَدْ سَمِعَ اللّهُ قَوْلَ الَّذِينَ قَالُواْ إِنَّ اللّهَ فَقِيرٌ وَنَحْنُ أَغْنِيَاء

اور اللہ نے سنی انکی بات جنہوں نے کہا کہ اللہ فقیر ہے اور ہم مال دار۔

سَنَكْتُبُ مَا قَالُواْ وَقَتْلَهُمُ الأَنبِيَاء بِغَيْرِ حَقٍّ وَنَقُولُ ذُوقُواْ عَذَابَ الْحَرِيقِ(١٨١)

اب لکھ رکھیں گے ہم اُنکی بات، اور جو خون کئے ہیں نبیوں کے ناحق، اور کہیں گے چکھو جلن کی مار۔

ذَلِكَ بِمَا قَدَّمَتْ أَيْدِيكُمْ وَأَنَّ اللّهَ لَيْسَ بِظَلاَّمٍ لِّلْعَبِيدِ (١٨٢)

یہ بدلہ اس کا ہے جو تم نے اپنے ہاتھوں بھیجا، اور اللہ ظلم نہیں کرتا بندوں پر۔

الَّذِينَ قَالُواْ إِنَّ اللّهَ عَهِدَ إِلَيْنَا أَلاَّ نُؤْمِنَ لِرَسُولٍ

وہ جو کہتے ہیں کہ اللہ نے ہم کو کہہ رکھا ہے کہ ہم یقین نہ کریں کسی رسول کو

حَتَّىَ يَأْتِيَنَا بِقُرْبَانٍ تَأْكُلُهُ النَّارُ

جب تک نہ لائے ہم پاس ایک نیاز جس کو کھا جائے آگ۔

قُلْ قَدْ جَاءكُمْ رُسُلٌ مِّن قَبْلِي بِالْبَيِّنَاتِ وَبِالَّذِي قُلْتُمْ

تُو کہہ تم میں آ چکے کتنے رسول مجھ سے پہلے نشانیاں لے کر اور یہ بھی جو تم نے کہا،

فَلِمَ قَتَلْتُمُوهُمْ إِن كُنتُمْ صَادِقِينَ(١٨٣)

پھر انکو کیوں مارا تم نے اگر تم سچے ہو۔

فَإِن كَذَّبُوكَ فَقَدْ كُذِّبَ رُسُلٌ مِّن قَبْلِكَ جَآؤُوا بِالْبَيِّنَاتِ وَالزُّبُرِ وَالْكِتَابِ الْمُنِيرِ (١٨٤)

پھر اگر یہ تجھ کو جھٹلائیں تو آگے تجھ سے جھٹلائے گئے بہت رسول، جو لائے نشانیاں اور ورق اور کتاب چمکتی۔

كُلُّ نَفْسٍ ذَآئِقَةُ الْمَوْتِ وَإِنَّمَا تُوَفَّوْنَ أُجُورَكُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

ہر جی کو چکھنی ہے موت، اور تم کو پورے بدلے ملیں گے، دن قیامت کے۔

فَمَن زُحْزِحَ عَنِ النَّارِ وَأُدْخِلَ الْجَنَّةَ فَقَدْ فَازَ

پھر جس کو سرکا دیا آگ سے، اور داخل کیا جنت میں، اس کا کام بنا۔

وَما الْحَيَاةُ الدُّنْيَا إِلاَّ مَتَاعُ الْغُرُورِ(١٨٥)

اور دنیا کی زندگی تو یہی ہے دغا کی جنس۔

لَتُبْلَوُنَّ فِي أَمْوَالِكُمْ وَأَنفُسِكُمْ

البتہ تم آزمائے جاؤ گے مال سے اور جان سے،

وَلَتَسْمَعُنَّ مِنَ الَّذِينَ أُوتُواْ الْكِتَابَ مِن قَبْلِكُمْ وَمِنَ الَّذِينَ أَشْرَكُواْ أَذًى كَثِيرًا

اور البتہ سنو گے اگلی کتاب والوں سے اور مشرکوں سے، بدگوئی بہت،

وَإِن تَصْبِرُواْ وَتَتَّقُواْ فَإِنَّ ذَلِكَ مِنْ عَزْمِ الأُمُورِ(١٨٦)

اور اگر تم ٹھیرے رہو اور پرہیزگاری کرو تو یہ ہمت کے کام ہیں۔

وَإِذَ أَخَذَ اللّهُ مِيثَاقَ الَّذِينَ أُوتُواْ الْكِتَابَ لَتُبَيِّنُنَّهُ لِلنَّاسِ وَلاَ تَكْتُمُونَهُ

اور جب اللہ نے اقرار لیا کتاب والوں سے، کہ اس کو بیان کروگے لوگوں پاس اور نہ چھپاؤ گے،

فَنَبَذُوهُ وَرَاء ظُهُورِهِمْ وَاشْتَرَوْاْ بِهِ ثَمَناً قَلِيلاً فَبِئْسَ مَا يَشْتَرُونَ(١٨٧)

پھر پھینک دیا وہ اقرار اپنی پیٹھ کے پیچھے، اور خرید کیا اس کے بدلے مول تھوڑا۔ سو کیا بری خرید کرتے ہیں۔

لاَ تَحْسَبَنَّ الَّذِينَ يَفْرَحُونَ بِمَا أَتَواْ وَّيُحِبُّونَ أَن يُحْمَدُواْ بِمَا لَمْ يَفْعَلُواْ

تو نہ سمجھ کہ جو لوگ خوش ہوتے ہیں اپنے کئے پر اور تعریف چاہتے ہیں بن کئے پر،

فَلاَ تَحْسَبَنَّهُمْ بِمَفَازَةٍ مِّنَ الْعَذَابِ وَلَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ(١٨٨)

سو نہ جان کہ وہ خلاص ہیں عذاب سے۔ اور ان کو دُکھ کی مار ہے۔

وَلِلّهِ مُلْكُ السَّمَاوَاتِ وَالأَرْضِ وَاللّهُ عَلَىَ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ (١٨٩)

اور اللہ کو ہے سلطنت آسمان اور زمین کی، اور اللہ ہر چیز پر قادر ہے۔

إِنَّ فِي خَلْقِ السَّمَاوَاتِ وَالأَرْضِ وَاخْتِلاَفِ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ لآيَاتٍ لِّأُوْلِي الألْبَابِ (١٩٠)

آسمان اور زمین کا بنانا، رات اور دن کا بدلتے آنا، اس میں نشانیاں ہیں عقل والوں کو۔

الَّذِينَ يَذْكُرُونَ اللّهَ قِيَامًا وَقُعُودًا وَعَلَىَ جُنُوبِهِمْ

وہ جو یاد کرتے ہیں اللہ کو کھڑے اور بیٹھے اور کروٹ پر لیٹے،

وَيَتَفَكَّرُونَ فِي خَلْقِ السَّمَاوَاتِ وَالأَرْضِ

اور دھیان کرتے ہیں آسمان اور زمین کی پیدائش میں۔

رَبَّنَا مَا خَلَقْتَ هَذا بَاطِلاً سُبْحَانَكَ فَقِنَا عَذَابَ النَّارِ(١٩١)

اے رب ہمارے! تُو نے یہ عبث نہیں بنایا۔ تُو پاک ہے عیب سے، سو ہم کو بچا دوزخ کے عذاب سے۔

رَبَّنَا إِنَّكَ مَن تُدْخِلِ النَّارَ فَقَدْ أَخْزَيْتَهُ وَمَا لِلظَّالِمِينَ مِنْ أَنصَارٍ (١٩٢)

اے رب ہمارے ! جس کو تو نے دوزخ میں ڈالا، سو اس کو رسوا کیا۔ اور گنہگاروں کا کوئی نہیں مددگار۔

رَّبَّنَا إِنَّنَا سَمِعْنَا مُنَادِيًا يُنَادِي لِلإِيمَانِ أَنْ آمِنُواْ بِرَبِّكُمْ فَآمَنَّا

اے رب ہمارے ہم نے سنا کہ پکارنے والا پکارتا ہے ایمان لانے کو، کہ ایمان لاؤ اپنے رب پر، سو ہم ایمان لائے،

رَبَّنَا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوبَنَا وَكَفِّرْ عَنَّا سَيِّئَاتِنَا وَتَوَفَّنَا مَعَ الأبْرَارِ(١٩٣)

اے رب ہمارے اب بخش گناہ ہمارے اور اتار ہماری برائیاں اور موت دے ہم کو نیک لوگوں کے ساتھ۔

رَبَّنَا وَآتِنَا مَا وَعَدتَّنَا عَلَى رُسُلِكَ وَلاَ تُخْزِنَا يَوْمَ الْقِيَامَةِ

اے رب ہمارے اور دے ہم کو جو وعدہ دیا تو نے اپنے رسولوں کے ہاتھ۔ اور رسوا نہ کر ہم کو قیامت کے دن۔

إِنَّكَ لاَ تُخْلِفُ الْمِيعَادَ (١٩٤)

تحقیق تُو خلاف نہیں کرتا وعدہ۔

فَاسْتَجَابَ لَهُمْ رَبُّهُمْ

پھر قبول کی اُن کی دُعا اُن کے رب نے،

أَنِّي لاَ أُضِيعُ عَمَلَ عَامِلٍ مِّنكُم مِّن ذَكَرٍ أَوْ أُنثَى بَعْضُكُم مِّن بَعْضٍ

کہ میں ضائع نہیں کرتا محنت کسی محنت کرنے والے کی، تم میں سے مرد یا عورت، تم آپس میں ایک ہو۔

فَالَّذِينَ هَاجَرُواْ وَأُخْرِجُواْ مِن دِيَارِهِمْ وَأُوذُواْ فِي سَبِيلِي وَقَاتَلُواْ وَقُتِلُواْ

پھر جو لوگ وطن سے چھوٹے اور نکالے گئے اپنے گھروں سے اور ستائے گئے میری راہ میں، اور لڑے اور مارے گئے ہیں،

لأُكَفِّرَنَّ عَنْهُمْ سَيِّئَاتِهِمْ وَلأُدْخِلَنَّهُمْ جَنَّاتٍ تَجْرِي مِن تَحْتِهَا الأَنْهَارُ ثَوَابًا مِّن عِندِ اللّهِ

اتاروں گا اُن سے برائیاں اُن کی اور داخل کروں گا باغوں میں جن کے نیچے بہتی ندیاں۔ بدلا اللہ کے ہاں سے۔

وَاللّهُ عِندَهُ حُسْنُ الثَّوَابِ(١٩٥)

اور اللہ ہی کے ہاں ہے اچھا بدلہ۔

لاَ يَغُرَّنَّكَ تَقَلُّبُ الَّذِينَ كَفَرُواْ فِي الْبِلاَدِ (١٩٦)

تُو نہ بہک اس پر کہ آتے جاتے ہیں کافر شہروں میں۔

مَتَاعٌ قَلِيلٌ ثُمَّ مَأْوَاهُمْ جَهَنَّمُ وَبِئْسَ الْمِهَادُ (١٩٧)

یہ فائدہ ہے تھوڑا سا، پھر ان کا ٹھکانا دوزخ ہے، اور کیا بُری تیاری ہے۔

لَكِنِ الَّذِينَ اتَّقَوْاْ رَبَّهُمْ لَهُمْ جَنَّاتٌ تَجْرِي مِن تَحْتِهَا الأَنْهَارُ خَالِدِينَ فِيهَا نُزُلاً مِّنْ عِندِ اللّهِ

لیکن جو لوگ ڈرتے رہے اپنے رب سے، ان کو باغ ہیں جن کے نیچے بہتی ندیاں، رہ پڑے ان میں، مہمانی اللہ کے ہاں سے۔

وَمَا عِندَ اللّهِ خَيْرٌ لِّلأَبْرَارِ(١٩٨)

اور جو اللہ کے ہاں ہے سو بہتر ہے نیک بختوں کو۔

وَإِنَّ مِنْ أَهْلِ الْكِتَابِ لَمَن يُؤْمِنُ بِاللّهِ وَمَا أُنزِلَ إِلَيْكُمْ وَمَآ أُنزِلَ إِلَيْهِمْ

اور کتاب والوں میں بعضے وہ بھی ہیں جو مانتے ہیں اللہ کو، اور جو اترا تمہاری طرف اور جو اترا ان کی طرف،

خَاشِعِينَ لِلّهِ لاَ يَشْتَرُونَ بِآيَاتِ اللّهِ ثَمَنًا قَلِيلاً

ڈرتے ہیں اللہ کے آگے، نہیں خرید کرتے اللہ کی آیتوں پر مول تھوڑا۔

أُوْلَـئِكَ لَهُمْ أَجْرُهُمْ عِندَ رَبِّهِمْ إِنَّ اللّهَ سَرِيعُ الْحِسَابِ(١٩٩)

وہ جو ہیں، اُن کو اُن کی مزدوری ہے اُن کے رب کے ہاں۔ بیشک اللہ شتاب لیتا ہے حساب۔

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُواْ اصْبِرُواْ وَصَابِرُواْ وَرَابِطُواْ وَاتَّقُواْ اللّهَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ (٢٠٠)

اے ایمان والو! ثابت رہو، اور مقابلے میں مضبوطی کرو اور لگے رہو۔ اور ڈرتے رہو اللہ سے، شاید تم مراد کو پہنچو۔

---

**********

© Copy Rights:
*Zahid Javed Rana, Abid Javed Rana*
Lahore, Pakistan
www.quran4u.com